تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
Power of Pakistan News Agency
جلد: 02 | جمعرات 30 اپریل 2026، 11 ذی القعدہ 1447ھ صفحات 06 قیمت 30 روپے | شمارہ: 258

پنجاب کے ہر ورکر کو صحت بہبود اور حفاظت کیلئے پرعزم ہوں: مریم نواز

فیکٹریوں اور کارخانوں میں لیبر کیلئے جسمانی اور ذہنی صحت کے تحفظ پر زور، لیبر ڈیپارٹمنٹ اور دیگر اداروں کو کام کی جگہوں پر قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف سخت کارروائی کی ہدایت

کام کی جگہ پر حفاظت، صحت اور لیبرز کی فلاح و بہبود کو ملک کی ترقی کیلئے ایک بنیادی ستون قرار، مزدوروں کی حفاظت اور بحالی کا عزم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کام کی جگہ پر حفاظت، صحت اور لیبر کی فلاح و بہبود کو ملک کی ترقی کے لیے ایک بنیادی ستون قرار دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزدوروں کی حفاظت اور بحالی کا عزم کیا ہے۔ کام کی جگہ پر حفاظت اور صحت کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فیکٹریوں اور کارخانوں میں لیبر کے لیے جسمانی اور ذہنی صحت کے تحفظ پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لیبر ڈیپارٹمنٹ اور دیگر اداروں کو کام کی جگہوں پر قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزدوروں کی حفاظت اور صحت عامہ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح قرار دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کارخانوں، (بقیہ نمبر 2)

ججز کا ٹرانسفر عدلیہ کی آزادی پر منظم حملہ ہے، اسد قیصر

ججز کے ٹرانسفر کا یہ طریقہ کار انصاف کی غیر جانبداری ہے جو عوام کے اعتماد کو متاثر کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کے تبادلے کے معاملے پر تحریک تحفظ آئین پاکستان نہایت تشویش اور افسوس کا اظہار کرتی ہے۔ ایک بیان میں (بقیہ نمبر 4)

پنجاب میں ایس ایم ای سیکٹر کی ترقی کیلئے چینی ٹیکنالوجی بروئے کار لائی جائیگی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن "ترقی یا تا پنجاب" کے تحت صوبے میں جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے لاہور میں تعینات چین کے نئے قونصل جنرل سن یان (بقیہ نمبر 3)

معیشت بہتری کی جانب گامزن، پاکستان میں میکرو استحکام ہے، محمد اورنگزیب

اپریل میں پاکستان نے بھاری بیرونی ادائیگیاں کیں، 75 کروڑ ڈالرز کا یورو بانڈ جاری کیا، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے، پاکستان میں میکرو استحکام ہے۔ اسلام آباد میں ای یو پاکستان بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یورپی یونین پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی پارٹنر ہے: شہباز شریف

حکومت یورپی یونین کے ساتھ تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو فروغ دینے کیلئے سنجیدہ کوششیں جاری رکھے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یورپی یونین کے اعلیٰ حکام اور ممتاز یورپی کمپنیوں کے کاروباری نمائندوں پر مشتمل وفد نے ملاقات کی

پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی تعلقات اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ یورپی وفد کی قیادت یورپی کمیشن کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹرنیشنل پارٹنرشپس کے ڈائریکٹر ایشیا پیسفک، بیٹرس اسٹبس کر رہے تھے

اسلام آباد: (بیوروچیف) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ یورپی یونین پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی پارٹنر ہے اور پاکستان سے برآمدات کے سب سے زیادہ حجم کی منزل ہے، حکومت یورپی یونین کے ساتھ تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو فروغ دینے کیلئے سنجیدہ کوششیں جاری رکھے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یورپی یونین کے اعلیٰ حکام اور ممتاز یورپی کمپنیوں کے کاروباری نمائندوں پر مشتمل وفد نے ملاقات کی، پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی (بقیہ نمبر 6)

صدر مملکت کی ڈیرہ مراد جمالی میں صوبائی وزیر کے گھر پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ڈیرہ مراد جمالی میں صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 15)

تونسہ میں ایچ آئی وی کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، وہ 2024 کا ہے، وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ تونسہ میں اس سال (بقیہ نمبر 16)

داخلہ محسن نقوی کا پاک افغان سرحد پر افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کی بلا اشتعال جارحیت کی مذمت

پاک فوج نے بروقت کارروائی کر کے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، بہادر سپوت ہمارا فخر ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک افغان سرحد پر افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کی بلا اشتعال جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے دشمن کو فوری طور (بقیہ نمبر 5)

ٹورازم سیکٹر کو مکمل طور پر فعال بنانے کے لیے 78 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی جارہی، مریم اورنگزیب



لاہور (این این آئی) محکمہ سیاحت پنجاب کے زیر اہتمام صوبے میں سیاحت کے فروغ کے (بقیہ نمبر 17)

امریکا میں پیٹرول کے ذخائر میں کمی، قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

تیل کی ترسیل کس حد تک متاثر ہو رہی ہے۔ دوسری جانب امریکی خام تیل (WTI) کی قیمت بھی تقریباً 100 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں ایک بار پھر تیزی دیکھنے میں آئی ہے جہاں برینٹ کروڈ کی قیمت تین ہفتوں کی بلند ترین سطح عبور کرتے ہوئے 110 ڈالر فی بیرل سے زائد ہوگئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس اضافے کی (بقیہ نمبر 9)

پی ٹی اے ٹریبونل میں ممبر فنانس کی عدم تعیناتی، وزیراعظم شہباز شریف ذاتی حیثیت میں 18 مئی کو طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی ٹی اے ٹریبونل میں ممبر فنانس کی عدم تعیناتی پر وزیراعظم شہباز شریف کو 18 مئی کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیئے ہیں کہ وزیراعظم خود عدالت میں آ کر وضاحت کریں کہ تاحال تقرری (بقیہ نمبر 8)

ایران نے خود بتایا وہ امریکی ناکہ بندی کے باعث اندرونی طور پر زوال پذیر ہے، ٹرمپ

تاحال ایرانی حکام کی جانب سے اس بیان پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا اور نہ ہی کسی بین الاقوامی ذریعے نے ٹرمپ کے اس دعوے کی تصدیق کی ہے

پاکستان کے معزز چیف جسٹس، مسٹر جسٹس یحییٰ آفریدی کو سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد میں جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ تعطل کے شکار جنگ بندی مذاکرات کے حوالے سے ایک بڑا انکشاف کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ٹروتھ سوشل" پر جاری کیے گئے بیان میں دعویٰ کیا کہ ایران نے (بقیہ نمبر 7)

محسن نقوی کی فتح دوم میزائل سسٹم کے کامیاب تربیتی تجربے پر قوم کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مقامی طور پر تیار کردہ فتح دوم میزائل سسٹم (بقیہ نمبر 18)

صدر مملکت کا ماوزے تنگ کے آبائی شہر شاشان کا دورہ، اسٹیچو اسکوائر پر خراج عقیدت پیش کیا

شاشان (این این آئی) صدر آصف علی زرداری نے چیئرمین ماوزے تنگ کے آبائی شہر شاشان کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسٹیچو اسکوائر میں چیئرمین ماو کے مجسمے پر پھولوں کا گلدستہ رکھا اور چین کے انقلابی رہنما کو خراج عقیدت پیش کیا۔ جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 13)

شاہ شان، چین صدر آصف علی زرداری کی ایک گروپ تصویر محترمہ ڈانگ شیہوئی، شاہ شان ایڈمنسٹریشن بیورو ہبان کی ڈائریکٹر، سینیٹر سلیم مانڈی والا، سینیٹر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن اور پاکستان اور چین میں چین کے سفیروں کے ساتھ ماؤ زیڈ ونگ می موریل میں۔

حجز کا تبادلہ کسی فرد کا کام نہیں، موقف سے بغیر پسند ناپسند پر تبادلہ عدلیہ پر حملہ ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 19)

پاکستان اور پنجاب کیلئے بڑا اعزاز، لاہور خطے کا پہلا "چائلڈ فرینڈلی سٹی" ہوگا

لاہور کو "بچوں کیلئے محفوظ اور سازگار شہر" قرار دینے کی تیاریاں مکمل، یونیسیف باقاعدہ سرٹیفکیٹ جاری کریگا

لاہور (این این آئی) پاکستان اور پنجاب کے لیے بڑا اعزاز، لاہور خطے کا پہلا "چائلڈ فرینڈلی سٹی" ہو گا۔ لاہور کو "بچوں کیلئے محفوظ اور سازگار شہر" قرار دینے کی تیاریاں (بقیہ نمبر 14)

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹیو بورڈ کا اجلاس 8 مئی کو طلب

پاکستان کیلئے 1 ارب 20 کروڑ ڈالرز کی اگلی قسط کا امکان، توسیعی فنڈ سہولت پروگرام کے اقتصادی جائزے کی منظوری متوقع

واشنگٹن (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ایگزیکٹیو بورڈ کا اجلاس 8 مئی کو طلب کر لیا گیا، جس میں پاکستان کیلئے 1 ارب 20 کروڑ ڈالرز کی اگلی قسط کی (بقیہ نمبر 11)

اگلے ماہ آئی ایم ایف سے 1.2 ارب ڈالرز کی قسط مل جائے گی، وزیر خزانہ

سعودیہ کے بعد دیگر دوست ممالک سے نئی فنانسنگ کے حصول کا ارادہ نہیں، حکومت کمرشل فنانسنگ کیلئے کوشاں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ اگلے ماہ آئی ایم ایف سے 1.2 ارب ڈالرز کی قسط مل جائے گی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 12)

گیس کا بحران آر ایل این جی نہ آنے سے شدت اختیار کر گیا

گیس سپلائی 700 ملین کیوبک فٹ پر آ گئی جو ایران امریکا جنگ سے پہلے روزانہ 12 سو ملین کیوبک فٹ تھی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) گیس کا بحران آر ایل این جی نہ آنے سے شدت اختیار کر گیا۔ سوئی ناردرن ذرائع کے مطابق آر ایل این جی کے موجودہ ذخائر میں تیزی سے کمی ہوئی (بقیہ نمبر 10)

پنجاب میں الیکٹرک گاڑیوں کی رجسٹریشن پر خصوصی رعایت دی جا رہی ہے، مجتبیٰ شجاع الرحمان

وزیراعلیٰ مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر آئندہ سرکاری محکموں میں الیکٹرک، ہائبرڈ گاڑیوں کی خریداری کو ترجیح دی جائیگی

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ پنجاب میاں مجتبیٰ شجاع الرحمن نے لاہور میں ایک معروف آٹو کمپنی کی جانب سے نئی ہائبرڈ گاڑی کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر خزانہ نے جدید، ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب صوبے میں ایندھن کے متبادل ذرائع کو فروغ دے کر نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنا رہی ہے (بقیہ نمبر 34)

لاہور: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے ہمراہ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ حلقے میں ترقیاتی کاموں کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں۔

نواب شہزاد خان کی صاحبزادی کی منگنی کی تقریب، صدر مملکت سمیت اہم شخصیات کی شرکت

لاہور (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سمیت اہم سیاسی اور سماجی شخصیات نے لاہور میں معروف سماجی و کاروباری شخصیت نواب شہزاد علی خان کی صاحبزادی کی منگنی کی تقریب میں شرکت کی۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے اس خوشی کے موقع پر نواب شہزاد علی خان اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد (بقیہ نمبر 35)

ٹائپ 1 ذیابیطس کے شکار بچوں کے علاج کیلئے نئی دوا منظور کر لی گئی

واشنگٹن (این این آئی) ادویہ ساز کمپنی سانوفی کی دوا زیلڈ کو بچوں میں ٹائپ 1 ذیابیطس کے علاج کیلئے امریکی ریگولیٹر فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کی منظوری مل گئی۔ ایف ڈی اے اس وقت زیلڈ کے استعمال کا جائزہ بھی لے رہا ہے تاکہ اسے 8 سال یا اس سے زائد عمر کے ان مریضوں کیلئے منظور کیا جا سکے جن میں سنیج 3 ٹائپ 1 ذیابیطس حال ہی میں تشخیص ہوئی ہو، تاکہ بیماری کی (بقیہ نمبر 36)

مقبوضہ کشمیر کے شہری کا پاکستانی عسکری قیادت کیلئے محبت بھرا پیغام

مقبوضہ کشمیر کے عوام نے پہلگام فالس فلیگ سے متعلق مودی سرکار کا گمراہ کن بیانیہ واضح طور پر مسترد کر دیا

سری نگر (این این آئی) معرکہ حق کے ایک سال بعد مقبوضہ کشمیر کے شہری نے پاکستانی عسکری قیادت کیلئے محبت بھرا پیغام جاری کر دیا۔ مقبوضہ کشمیر کے عوام نے پہلگام فالس فلیگ سے متعلق مودی سرکار کا گمراہ کن بیانیہ واضح طور پر مسترد کر دیا ہے۔ پہلگام فالس فلیگ آپریشن کی جائے وقوعہ سے ویڈیو پیغام میں کشمیری نوجوان نے کہا کہ اس جگہ (پہلگام) سے ایک سال قبل مودی کی ذلت کا آغاز ہوا تھا، پہلگام وہی جگہ ہے جہاں سے بھارت کا غرور خاک میں ملا، (بقیہ نمبر 37)

جنرل ہسپتال، ڈاکٹر انعم بتول پاکستان کے پہلے پیڈیاٹرک سٹروک سینٹر کی فوکل پرسن مقرر

ڈاکٹر انعم بتول سٹروک مینجمنٹ میں تربیت یافتہ، مریضوں کی رہنمائی اور علاج مزید بہتر ہوگا

لاہور (این این آئی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے پاکستان کے پہلے پیڈیاٹرک اسٹروک سینٹر کے لیے ڈاکٹر انعم بتول کو فوکل پرسن مقرر کر دیا ہے۔ ڈاکٹر انعم بتول سٹروک مینجمنٹ میں باقاعدہ کلینیکل تربیت رکھتی ہیں۔ ایم ایس نے کہا کہ اس تقرری سے مریضوں کی بروقت رہنمائی، ریفرل سسٹم کی بہتری اور مختلف شعبوں کے مابین مؤثر کوارڈینیشن کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تاکہ علاج کے عمل کو بروقت اور مؤثر انداز میں یقینی بنایا جا سکے۔ (بقیہ نمبر 22)

وزیراعظم و وزیراعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی

اخراجات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی گئی

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں کی ہدایت پر پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے کفایت شعاری مہم کے تحت اخراجات کا تفصیلی جائزہ مکمل کرتے ہوئے 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی۔ یہ اقدام وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کفایت شعاری پالیسی کے تحت اٹھایا گیا جس کے نتیجے میں پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں متعدد شعبوں میں نمایاں بچت ممکن ہوئی۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں پہلے (بقیہ نمبر 23)

لاہور: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں کورنمنٹ ہائی سکول فار بوائز میں پہلی فیفا ارینا منی پچ کے اہم منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

بجلی کی طلب میں اضافہ، تربیلا ڈیم سے پانی کے اخراج میں اضافے کے باعث پن بجلی کی پیداوار میں بہتری، پاور ڈویژن

ایل این جی کی دستیابی اور پانی کے اخراج میں اضافے سے رات کے اوقات کا شارٹ فال ختم ہو جائے گا، ترجمان کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پاور ڈویژن نے کہا ہے کہ ملک میں بجلی کی ڈیمانڈ میں اضافہ ہوا ہے، تربیلا ڈیم سے پانی سے اخراج میں رات کے وقت اضافے سے پن بجلی پیداوار میں کل پن بجلی کی پیداوار 6000 میگاواٹ رہی، ملک کی کل پن بجلی کی استعداد 11500 میگاواٹ ہے۔ ہفتہ کو 24 اپریل کی رات پیک اوقات میں بجلی صورتحال پر ترجمان پاور ڈویژن نے اپنے بیان میں کہا کہ پن بجلی کی پیداوار میں اضافے (بقیہ نمبر 25)

غیر قانونی سٹوریج پر ایف آئی اے کی کارروائی، ہزاروں لیٹر پیٹرول برآمد

پیٹرول کو عارضی ڈرمز میں منتقل کر کے چھوٹی گاڑیوں کے ذریعے مختلف پیٹرول پمپس تک پہنچایا جا رہا تھا، ترجمان

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں غیر قانونی اسٹوریج پر ایف آئی اے کی بڑی کارروائی کے دوران ہزاروں لیٹر پیٹرول برآمد کر لیا گیا۔ ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے غیر قانونی آئل اسٹوریج اور پیٹرول چوری میں ملوث عناصر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے کورنگی انڈسٹریل ایریا کے مہران ٹاؤن میں قائم ایک غیر قانونی آئل اسٹوریج سہولت پر (بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت اجلاس

سانگلہ ہل (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ضلع میں جاری ترقیاتی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس ڈپٹی ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 28)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن لاہور میں معروف آٹو کمپنی ایم جی سی کی نئی ہائبرڈ کار کا افتتاح کر رہے ہیں۔

پاکستان کا جائز حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو بدنام کرنے کے لیے گمراہ کن معلومات کے استعمال پر انتباہ

پاکستان ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے غلط استعمال پر گہری تشویش رکھتا ہے، جہاں جھوٹے بیانیوں کو فروغ دیا جاتا ہے

نیویارک (شیراز حسین) پاکستان نے غیر ملکی قبضے اور تنازعات کی صورتحال میں غلط معلومات اور گمراہ کن بیانیوں کے استعمال کو نہایت تشویشناک قرار دیا ہے۔ پاکستان کا کہنا ہے کہ جھوٹے بیانیے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو چھپانے، جائز حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو بدنام کرنے، اور متاثرہ آبادیوں کی آواز دبانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ کمیٹی برائے اطلاعات کے 48 ویں اجلاس میں قومی بیان دیتے ہوئے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب سفیر عثمان جدون نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے غلط استعمال پر گہری تشویش رکھتا ہے، جہاں جھوٹے بیانیوں کو فروغ دیا جاتا ہے، معاشرتی تقسیم کو بڑھایا جاتا ہے، اور کمزور طبقات کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل دنیا میں نفرت انگیز تقاریر، نسل پرستی، بیگانہ دشمنی اور اسلاموفوبیا کا تسلسل خاص طور پر باعثِ تشویش ہے، جو اکثر حقیقی دنیا میں نقصان کا سبب بنتا ہے۔ سفیر جدون نے عالمی معلوماتی نظام میں گہری تبدیلیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ تکنیکی ترقی نے معلومات تک رسائی کو وسعت دی ہے، تاہم اس نے غلط معلومات، گمراہ کن اطلاعات اور نفرت انگیز مواد کے پھیلاؤ کو بھی بے مثال رفتار دی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ یہ رجحانات عوامی اعتماد، سماجی ہم آہنگی اور اقوامِ متحدہ سمیت کثیر الجہتی اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ دور میں، جب جغرافیائی سیاسی کشیدگی، تقسیم اور بڑھتی ہوئی عدم مساوات کا سامنا ہے، بروقت، درست اور غیر جانبدارانہ معلومات کی فراہمی نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ معلومات کو مکالمے اور تعاون کا ذریعہ ہونا چاہیے، نہ کہ اسے ہیرا پھیری، تقسیم یا جبر کے لیے استعمال کیا جائے۔ ابھرتے ہوئے تکنیکی چیلنجز پر بات کرتے ہوئے، سفیر جدون نے مصنوعی ذہانت اور جنریٹو ٹیکنالوجیز کے بڑھتے ہوئے اثرات کو اجاگر کیا، اور کہا کہ اگرچہ ان میں ترقی اور ابلاغ کو فروغ دینے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے، لیکن ان کا غلط استعمال معلوماتی سالمیت کے لیے سنگین خطرات پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ اس حوالے سے عالمی ردعمل جامع اور متوازن ہونا چاہیے۔ اہم ترجیحات بیان کرتے ہوئے، انہوں نے معلوماتی سالمیت سے متعلق عالمی فریم ورک کی تشکیل میں ثقافتی، قانونی اور سماجی تنوع کے احترام پر زور دیا اور خبردار کیا کہ ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جو منتخب یا غیر متناسب انداز میں لاگو ہوتے نظر آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ازسرِ نو تشکیل شدہ محکمۂ عالمی ابلاغ (DGC) کو اقوامِ متحدہ کے تزویراتی ابلاغ میں اپنے مرکزی رابطہ کار کے کردار کو مزید مضبوط بنانا چاہیے تاکہ نظام میں ہم آہنگی، اعتبار اور رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔ نائب مستقل مندوب نے جامع ابلاغ کے لیے کثیر لسانیت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا اور مختلف زبانوں اور خطوں میں مواد کو وسعت دینے کی کوششوں کی حمایت کی۔ مزید برآں، انہوں نے بڑی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ساتھ زیادہ منظم روابط پر زور دیا، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ عالمی معلوماتی بہاؤ پر ان کا نمایاں اثر ہے اور اقوام متحدہ اس حوالے سے مکالمے اور تعاون کے فروغ کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کر سکتا ہے۔ ایسے وقت میں جب بین الاقوامی اداروں پر اعتماد دباؤ کا شکار ہے، سفیر جدون نے زور دیا کہ اقوامِ متحدہ کو تصدیق شدہ اور متوازن معلومات کے ایک قابلِ اعتماد ذریعہ کے طور پر اپنی حیثیت کو مزید مستحکم کرنا چاہیے، جبکہ DGC اس ضمن میں تنظیم کے کام کے ٹھوس اثرات کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے۔ اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ پاکستان محکمۂ عالمی ابلاغ اور تمام رکن ممالک کے ساتھ مل کر ایک ایسا معلوماتی ماحول فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہے جو سچائی، شمولیت اور انسانی وقار کے احترام پر مبنی ہو۔

منشیات برآمدگی کے ملزم کو چھوڑنے پر پولیس افسر معطل

لاہور (این این آئی) نوٹکلعا میں منشیات برآمد ہونے پر کارروائی کرنے کی بجائے شہری کو چھوڑنے پر اے ایس آئی معطل کر دیا گیا۔ ایس پی سٹی عاطف امیر کے مطابق شہری کی ویڈیو وائرل ہونے پر تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے واقعہ میں ملوث اے ایس آئی افتخار کو معطل کر دیا (بقیہ نمبر 21)

پاکستانی سفارتی کامیابیوں کی پوری دنیا معترف، عالمی سطح پر وقار مزید بلند

پاکستان نے معرکہ حق میں بھارت کو عملی میدان میں شکست دینے کے بعد سفارتی محاذ پر بھی تنہا کر دیا ہے، ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی بین الاقوامی سفارتی کامیابیوں کا اعتراف دنیا بھر سے کیا جا رہا ہے جس سے ملک کا عالمی سطح پر وقار مزید بلند ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق معرکہ حق کی عظیم فتح کے بعد پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی بصیرت، بہترین حکمت عملی اور موثر سفارتکاری کے باعث ملک کا عالمی وقار نمایاں طور پر بلند ہوا ہے۔ جنگی میدان میں دشمن کو عبرتناک شکست دینے کے بعد پاکستان نے عالمی سطح پر اپنے اصولی موقف کو موثر انداز میں اجاگر کیا جس سے (بقیہ نمبر 20)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ اشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں ام پینالڈنجی ہسپتالوں کے ذمہ داران سے ملاقات کر رہے ہیں۔

انسداد دہشتگردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیحات میں سے ایک ہیں، عاصم افتخار

دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہیے، اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ انسداد دہشت گردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیحات میں سے ایک ہیں، دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہیے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن نے اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسداد دہشت گردی (UNOCT) کے ساتھ مل کر اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں دہشت گردی کے (بقیہ نمبر 24)

لندن میں پاکستانی بزنس کمیونٹی کی جانب سے وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کے اعزاز میں شاندار استقبالیہ

پاکستان عالمی مالیاتی اداروں اور سرمایہ کاروں کے ساتھ فعال روابط استوار کر رہا ہے، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ

اسلام آباد/لندن (این این آئی) وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ کے اعزاز میں لندن میں پاکستانی بزنس کمیونٹی کی جانب سے ایک شاندار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں پاکستانی نژاد کاروباری شخصیات، سرمایہ کاروں، پیشہ ور افراد اور مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے شرکت کی۔ یہ تقریب اوورسیز پاکستانیوں کی وطن کے ساتھ (بقیہ نمبر 27)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں خاتون محتسب پنجاب ڈاکٹر نجمہ افضل خان ملاقات کر رہی ہیں۔

بلوچستان، ڈھاڈر میں فتنہ الہندوستان کے حملے ناکام، متعدد دہشتگرد ہلاک

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع لچھی کی تحصیل ڈھاڈر میں فتنہ الہندوستان کے حملے کو سیکیورٹی فورسز نے ناکام بنا دیا اس حوالے سے معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے بتایا ہے کہ ڈھاڈر میں ہوئی کارروائی میں فتنہ الہندوستان کے متعدد دہشتگرد (

جڑواں شہروں کی خبریں

کاروباری اوقات کے دوران دو گھنٹے سے زیادہ کی لوڈشیڈنگ نے صورتحال کو مزید گھمبیر کر دیا

کاروباری مراکز کی جلد بندش اور بجلی کی لوڈشیڈنگ معاشی سرگرمیوں کو بری طرح متاثر کر رہی ہیں: سردار طاہر محمود

صوبوں میں متضاد پالیسیاں امتیازی سلوک کا احساس پیدا کر رہی ہیں۔صدر آئی سی سی آئی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر (چوہدری کاشف) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سردار طاہر محمود نے وفاقی حکومت کی جانب سے مارکیٹ کے محدود اوقات کے نفاذ کے باعث اسلام آباد کی تاجر برادری کو درپیش بڑھتے ہوئے چیلنجز پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔بدھ کے روز چیمبر ہاس میں ایک پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سخت کاروباری اوقات کے نفاذ سے نہ صرف تجارتی سرگرمیاں متاثر ہوئی ہیں بلکہ شہریوں کی روزمرہ زندگی پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کاروباری اوقات کے دوران دو گھنٹے سے زیادہ کی لوڈ شیڈنگ نے صورتحال کو مزید گھمبیر کر دیا ہے، جس سے کاروبار بری طرح متاثر ہو رہے ہیں اور بہت سے تجارتی کام ٹھپ ہونے کے قریب ہیں۔سردار طاہر محمود نے یاد دلایا کہ خریداری کے محدود اوقات نے بجلی کی بندش کے ساتھ مل کر معمول کی زندگی کو زیادہ مشکل بنا دیا ہے، خاص طور پر شام کے اوقات میں۔انہوں نے مزید کہا کہ صوبوں میں متضاد پالیسیاں امتیازی سلوک کا احساس پیدا کر رہی ہیں۔انہوں نے نشاندہی کی کہ جب سندھ میں بازاررات 9:00 بجے تک اور ریستوراں رات 11:30 بجے تک کام کرتے ہیں، اسلام آباد میں کیوں نہیں کر سکتے۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر اصلاحی اقدامات اٹھائے جس میں کاروباری اوقات پر نظر ثانی کرنا، اسلام آباد میں بازاروں کو کم از کم رات 10 بجے تک کھلا رہنے کی اجازت دینا، ریستورانوں اور کھانے پینے کی دکانوں کے لیے معقول اوقات متعارف کرانا، اور پیک آورز میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانا شامل ہے۔انہوں نے مزید زور دیا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے کاروبار دوست پالیسیوں کی تشکیل ضروری ہے، خاص طور پر خلیجی ممالک سے کہ جہاں موجودہ صورتحال نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بری طرح متاثر کیا ہے۔تاجر برادری کے تعاون کا اعادہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے تاجروں اور صنعت کاروں نے ہمیشہ قومی معیشت میں مثبت کردار ادا کیا ہے لھذا وہ غیر ضروری پابندیوں کے بجائے سہولت کے مستحق ہیں۔اسلام آباد میں ہونے والے حالیہ پاک امریکہ مذاکرات کا حوالہ دیتے ہوئے سردار طاہر محمود نے کہا کہ تاجر برادری نے حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کیا اور مستقبل میں بھی اسی طرح کی اہمیت کی کسی بھی مصروفیت کی حمایت کرنے کے لیے تیار ہے

اسلام آباد، کھلی نیلامی "ڈیجیٹل اور کیش لیس کیٹل مارکیٹ (مویشی منڈی) کے قیام کے لیے منعقد کی گئی

چیئرمین سی ڈی اے نے منگل کے روز گندھارا اسٹیزن اینڈ ہیریٹیج کلب، F-9 پارک کا دورہ کیا

متعلقہ افسران کے ہمراہ گندھارا اسٹیزن اینڈ ہیریٹیج کلب کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے منگل کے روز گندھارا اسٹیزن اینڈ ہیریٹیج کلب، F-9 پارک کا دورہ کیا اور متعلقہ افسران کے ہمراہ گندھارا اسٹیزن اینڈ ہیریٹیج کلب کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا۔ چیئرمین سی ڈی اے کو گندھارا اسٹیزن اینڈ ہیریٹیج کلب سے متعلق بریفنگ دی گئی۔گندھارا اسٹیزن اینڈ ہیریٹیج کلب کی عمارت کی تزئین وآرائش کے کاموں پر چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کلب کو مکمل طور پر آپریشنل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کلب کو آپریشنل کرنے کیلئے باقی ماندہ تزئین وآرائش کے کاموں کی جلد تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔

ڈی پی او اٹک سردار موار ہن خان کا عوامی مسائل کے حل کے لیے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کے مسائل سے براہِ راست آگاہی حاصل کر کے ان کا بروقت حل یقینی بنانا میری اولین ترجیح ہے، بیان

اٹک (بیورو رپورٹ) ڈی پی او اٹک سردار موار ہن خان کا عوامی مسائل کے حل کے لیے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار موار ہن خان نے کھلی کچہریوں کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے ڈی پی او آفس اٹک میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے مسائل پیش کیے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک نے شہریوں کے مسائل سن کر موقع پر ہی متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور بعض درخواستوں پر فوری کارروائی کی ہدایت بھی دی۔اس موقع پر ڈی پی او اٹک کا کہنا تھا کہ شہریوں کے مسائل سے براہِ راست آگاہی حاصل کر کے ان کا بروقت حل یقینی بنانا میری اولین ترجیح ہے۔

فتح جنگ کا اکلوتا ویٹرنری ہسپتال جس میں جانوروں کے لیے نہ ہی کوئی اچھی دوا اور نہ ہی کوئی ڈاکٹر موجود ہے

زمین داروں کو شدید مشکلات، انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔بابر حسین، چوہدری مبشر گجر

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) فتح جنگ کا اکلوتا ویٹرنری ہسپتال جس میں جانوروں کے لیے نہ ہی کوئی اچھی دوا اور نہ ہی کوئی ڈاکٹر موجود ہے زمین داروں کو شدید مشکلات، انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔بابر حسین، چوہدری مبشر گجر کے مطابق فتح جنگ شہر میں تحصیل روڈ پر واقع اکیلا سرکاری ویٹرنری ہسپتال جس میں اردگرد کے بہت سے دیہات میں منسلک ہیں یہ ویٹرنری ہسپتال میں دور دراز سے لوگ اپنے جانوروں کے لیے ادویات لینے کے لیے آتے ہیں لیکن ویٹرنری ہسپتال میں کوئی جانوروں کی قیمتی ادویات موجود نہ ہیں صرف نیلے اور پیلے رنگ کا پانی پڑا ہوتا ہے جو کہ جانوروں کے مالکان کو دے کر ٹرخا دیا جاتا ہے جبکہ دیگر قیمتی ادویات کی پرچی بنا شہر میں موجود ویٹرنری سٹور پر بھیج دیا جاتا ہے جبکہ ویٹرنری ڈاکٹر کا ملنا بھی محال ہوتا ہے ڈاکٹر ہسپتال سے غائب ہوتا ہے اور اس کا عملہ ڈاکٹر کی جگہ بیٹھا ہوتا ہے فتح جنگ شہر اور اس کے اردگرد کے لوگوں کے پاس کروڑوں روپے کے مال مویشی موجود ہیں جن کو علاج معالجہ کے لیے پرائیویٹ ہسپتالوں اور پرائیویٹ ڈاکٹروں کے پاس لے کر جانا پڑتا ہے اگر ہسپتال میں قیمتی ادویات موجود ہوں تو لوگوں کو پرائیویٹ ہسپتالوں سے اپنے جانوروں کو علاج نہ کرانا پڑتا ہے حکومت ہسپتالوں کو جو لاکھوں روپے کا سالانہ فنڈ مہیا کرتی ہے وہ کہاں جاتا ہے حکومت کو اس بارے میں پوچھ گچھ کرنی چاہیے لہذا ہم اداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ فوری طور پر فتح جنگ ویٹرنری ہسپتال کا فوری طور پر آڈٹ کیا جائے اگر ہسپتال میں ڈاکٹر وقت پر نہ آتا ہے اور قیمتی ادویات موجود نہ ہیں تو ہسپتال بند کر دیا جائے تاکہ لوگ پرائیویٹ ہسپتالوں میں جا کر جانوروں کا علاج کروائیں اور سرکاری ہسپتال کے چکر نہ لگانے پڑیں۔

شہر میں غیر قانونی مویشی منڈیوں کے قیام کی روک تھام کیلئے ڈی ایم اے کی متعلقہ ٹیمیں مختلف علاقوں میں مسلسل نگرانی کے عمل کو یقینی بنا رہی ہیں

*اسلام آباد میں 6 عارضی مویشی منڈیاں 349.5 ملین روپے میں نیلام، مویشی منڈیوں میں کیش لیس نظام نافذ العمل ہوگا

قربانی کے جانوروں کی عارضی مویشی منڈیوں میں کیش لیس نظام کو یقینی بنایا جائیگا۔ نیلامی کا عمل میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا گیا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد میں قربانی کے جانوروں کی 6 عارضی مویشی منڈیوں کو ریکارڈ 349.5 ملین روپے نیلام کر دیا گیا۔ قربانی کے جانوروں کی عارضی مویشی منڈیوں میں کیش لیس نظام کو یقینی بنایا جائیگا۔ نیلامی کا عمل میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق، سیکٹر I-12 کی عارضی مویشی منڈی 200.1 ملین روپے میں جبکہ سنگجانی میں عارضی مویشی منڈی 62.5 ملین روپے میں نیلام ہوئی۔ اسی طرح ضیا مسجد کے مقام پر عارضی مویشی منڈی 50 ملین روپے اور سلطانہ فاؤنڈیشن کے مقام پر عارضی مویشی منڈی 25 ملین روپے میں نیلام ہوئی۔ جبکہ جاپان روڈ پر عارضی مویشی منڈی 6.2 ملین روپے اور بہارہ کہو پر عارضی مویشی 6.1 ملین روپے میں نیلام عام ہوئی۔اسطرح مجموعی طور پر 6 مختلف مویشی منڈیوں کو 349.5 ملین روپے میں نیلام کیا گیا۔ گزشتہ برس منعقد ہونے والی عارضی مویشی منڈیوں کے نیلامی کے مقابلے میں تقریبا 120 فیصد اضافہ ہوا۔ مویشی منڈیوں کی نیلامی کا عمل مکمل طور پر شفاف اور میرٹ کی بنیادوں پر کیا گیا۔ نیلامی کے عمل میں 104 بولی دہندگان نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔شہر میں غیر قانونی مویشی منڈیوں کے قیام کی روک تھام کیلئے ڈی ایم اے کی متعلقہ ٹیمیں مختلف علاقوں میں مسلسل نگرانی کے عمل کو یقینی بنا رہی ہیں۔چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر سہیل اشرف کی ہدایت پر غیر قانونی مویشی منڈیوں کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جائیگا۔مویشی منڈیوں کے قیام کا مقصد عوام کی سہولت، حفظانِ صحت اور شہر کی صفائی کے معیار کو برقرار رکھنا ہے۔

چیئرمین سی ڈی اے کی زیر صدارت سی ڈی اے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مظفر آباد، کمشنر بحالیات مسعود الرحمٰن کوٹھوڑھ میں زیر تعمیر مہاجر کالونی کے دورے کے دوران ڈسٹرکٹ ویلفیئر آفیسر معروف ڈار بریفنگ دے رہے ہیں

وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور کا چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی دعوت پر

مظفر آباد میں بی آئی ایس پی کے نئے دفتر کا افتتاح

اس موقع پر چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ بعدازاں، وزیراعظم آزاد کشمیر اور چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے نئے دفتر کا دورہ کیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور کا چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی دعوت پر مظفر آباد میں بی آئی ایس پی کے نئے دفتر کا افتتاح * *اس موقع پر چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ بعد ازاں، وزیراعظم آزاد کشمیر اور چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے نئے دفتر کا دورہ کیا، فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا اور دفتر میں موجود خواتین سے ملاقات اور گفتگو بھی کی۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ *بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا وژن ہے۔ بی بی شہید نے خواتین کو اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کرنا سکھایا اور ہمیں ان کی زندگی سے بہادری، استقامت اور حوصلے کا سبق لینا چاہیے۔* انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام معاشرے کے کمزور طبقات، خصوصاً خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے *سینیٹر روبینہ خالد نے حکومت آزاد جموں وکشمیر اور وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور کا بی آئی ایس پی دفتر کے لیے عمارت فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ دفتر ایسی جگہ قائم کیا گیا ہے جہاں مستحق خواتین کی آسان رسائی ممکن ہو سکے، جس سے خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی اور مستحقین کو سہولت میسر ہوگی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری نے گزشتہ سال بی بی شہید کی سالگرہ کے موقع پر *بینظیر ہنرمند پروگرام * کا آغاز کیا تاکہ خواتین اور ان کے گھرانوں کے افراد کی زندگیوں میں بہتری لائی جا سکے اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام خواتین کو ہنرمند بنانے اور انہیں روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ *وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے اس موقع پر کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ضرورت مند گھرانوں کی کفالت کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمارت پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے وقف کی گئی ہے اور حکومت آزاد جموں وکشمیر کابی آئی ایس پی کے ساتھ تعاون ہمیشہ جاری رہے گا۔ *اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل بی آئی ایس پی ڈاکٹر عبدالعزیز قریشی بھی موجود تھے۔ بعد ازاں، سینیٹر روبینہ خالد نے ٹھوٹھہ میں * کشمیر ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن * کا دورہ کیا جہاں انہیں کشمیری مہاجر خواتین کی فلاح و بہبود اور سہولیات کے لیے جاری مختلف منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سینیٹر روبینہ خالد نے خواتین کے لیے قائم ہنرمند سینٹر کا بھی دورہ کیا اور زیر تربیت مہاجر خواتین سے ملاقات کی۔ انہوں نے سلائی کڑھائی اور ملبوسات کی تیاری میں خواتین کی دلچسپی کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے *مہاجر خواتین کو بینظیر ہنرمند پروگرام سے منسلک کرنے اور ان کی سکل ٹریننگ کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔*

وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر فیصل ممتاز راٹھور کا چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی دعوت پر مظفر آباد میں بی آئی ایس پی کے نئے دفتر کا افتتاح

فتح جنگ کا اکلوتا ویٹرنری ہسپتال جس میں جانوروں کے لیے نہ ہی کوئی اچھی دوا اور نہ ہی کوئی ڈاکٹر موجود ہے

زمین داروں کو شدید مشکلات، انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔بابر حسین، چوہدری مبشر گجر

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) فتح جنگ کا اکلوتا ویٹرنری ہسپتال جس میں جانوروں کے لیے نہ ہی کوئی اچھی دوا اور نہ ہی کوئی ڈاکٹر موجود ہے زمین داروں کو شدید مشکلات، انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔بابر حسین، چوہدری مبشر گجر کے مطابق فتح جنگ شہر میں تحصیل روڈ پر واقع اکیلا سرکاری ویٹرنری ہسپتال جس میں اردگرد کے بہت سے دیہات میں منسلک ہیں یہ ویٹرنری ہسپتال میں دور دراز سے لوگ اپنے جانوروں کے لیے ادویات لینے کے لیے آتے ہیں لیکن ویٹرنری ہسپتال میں کوئی جانوروں کی قیمتی ادویات موجود نہ ہیں صرف نیلے اور پیلے رنگ کا پانی پڑا ہوتا ہے جو کہ جانوروں کے مالکان کو دے کر ٹرخا دیا جاتا ہے جبکہ دیگر قیمتی ادویات کی پرچی بنا شہر میں موجود ویٹرنری سٹور پر بھیج دیا جاتا ہے جبکہ ویٹرنری ڈاکٹر کا ملنا بھی محال ہوتا ہے ڈاکٹر ہسپتال سے غائب ہوتا ہے اور اس کا عملہ ڈاکٹر کی جگہ بیٹھا ہوتا ہے فتح جنگ شہر اور اس کے اردگرد کے لوگوں کے پاس کروڑوں روپے کے مال مویشی موجود ہیں جن کو علاج معالجہ کے لیے پرائیویٹ ہسپتالوں اور پرائیویٹ ڈاکٹروں کے پاس لے کر جانا پڑتا ہے اگر ہسپتال میں قیمتی ادویات موجود ہوں تو لوگوں کو پرائیویٹ ہسپتالوں سے اپنے جانوروں کو علاج نہ کرانا پڑتا ہے حکومت ہسپتالوں کو جو لاکھوں روپے کا سالانہ فنڈ مہیا کرتی ہے وہ کہاں جاتا ہے حکومت کو اس بارے میں پوچھ گچھ کرنی چاہیے لہذا ہم اداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ فوری طور پر فتح جنگ ویٹرنری ہسپتال کا فوری طور پر آڈٹ کیا جائے اگر ہسپتال میں ڈاکٹر وقت پر نہ آتا ہے اور قیمتی ادویات موجود نہ ہیں تو ہسپتال بند کر دیا جائے تاکہ لوگ پرائیویٹ ہسپتالوں میں جا کر جانوروں کا علاج کروائیں اور سرکاری ہسپتال کے چکر نہ لگانے پڑیں۔

حکومت پنجاب کے اسٹام فروشی کو آن لائن کرنے پر

سینکڑوں لوگ جعلی اسٹام فروش بن کر لوگوں کو گاڑیوں، زمینوں اور دیگر اسٹام کر کے ہزاروں روپے بٹور رہے ہیں

جبکہ ان لوگوں کے پاس نہ تو کوئی رجسٹر ہے اور نہ ہی کو ریکارڈ موجود ہے جبکہ حکومت پنجاب کے منظور کردہ لائسنس ہولڈر سٹام فروشوں کو اسٹام آن لائن ہونے کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جملہ اسٹام فروش

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) کے مطابق حکومت پنجاب نے کچھ عرصہ قبل عوام کو سہولت دینے کے لیے اسٹام آن لائن کیے تھے تاکہ صارف بوقت ضرورت اپنے نام پر اسٹام خود نکال سکے اور خود استعمال کر سکے جبکا فائدہ اٹھاتے ہوئے فوٹو سٹیٹ اور دیگر چھوٹا موٹا کام کرنے والے لوگوں نے اپنے آپ کو اسٹام فروش ظاہر کر کے لوگوں کو لوٹ کھسوٹ کرنا جاری کر دیا ہے جبکہ کوئی صارف فوٹو سٹیٹ کی دوکان یا دیگر کسی غیر متعلقہ شخص کے پاس جاتا ہے تو وہ خود کو اسٹام فروش ظاہر کر کے گاڑیوں، زمینوں اور دیگر اسٹام تحریر کر کے صارف کو دے دیتے ہیں اور اس سے پیسے بٹور لیتے ہیں جبکہ ان کے پاس نہ تو کوئی کورٹ کا لائسنس ہوتا ہے اور نہ ہی ان کے پاس دیگر کوئی سرکاری اجازت نامہ موجود ہوتا ہے جس کو وہ دیگر کسی عدالت میں پیش کر سکیں لیکن اب یہ غیر متعلقہ اشخاص جعلی اسٹام فروش بن کر اسٹام جاری کر رہے ہیں اور اب یہ غیر متعلقہ لوگ حکومت کی اس سہولت کا ناجائز فائدہ اٹھا کر جعلی اسٹام فروش بن گئے ہیں اور جعلی سازی سے اسٹام نکال کر صارف کو دیتے ہیں اور اس سے خوب رقم بٹورتے ہیں جبکہ صارف سمجھتا ہے کہ یہ اصلی اسٹام فروش ہیں اس جعلسازی سے اسٹام نکالنے کا کام پورے پنجاب میں جاری ہے اور فتح جنگ میں بھی اس کی کئی برانچیں کام کر رہی ہیں جس کی وجہ سے اصلی اسٹام فروشوں کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے اور ان کا کاروبار تباہ ہو چکا ہے وزیراعلیٰ پنجاب اور متعلقہ اداروں کو اس کا نوٹس لینا چاہیے اور فوری طور پر جعلی اسٹام فروشوں کے خلاف قانونی کاروائی کرنی چاہیے اور فوری طور پر اسٹام کی اس ایپ کو بند کرنا اور صرف رجسٹر شدہ اسٹام فروشوں کو ہی ہر قسم کے اختیارات دیے جائیں جو لوگ عرصہ دراز سے اسٹام فروشی کا کاروبار کر رہے ہیں اور حکومت کو اربوں روپے کا ریونیو دے چکے ہیں اب ان جعلی اور غیر متعلقہ اشخاص کی وجہ سے اصلی اسٹام فروشوں کو شدید نقصان کا سامنا ہے جب ہر شخص خود ہی اسٹام نکال لے گا تو پنجاب کے ہزروں اسٹام فروش بے روزگار ہو جائیں گے اور اپنے کنبے کی کفالت کیسے کریں لہذا پورے پنجاب کے تمام اسٹام فروشوں کے حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے آن لائن اسٹام نکالنے والی ایپ کو بند کیا جائے اس ٹائم اور حقیقی اور منظور شدہ اسٹام فروشوں کو جاری کرنے کا حکم دیا جائے اور 1200.3000 روپے پر لگائے گئے ٹیکس کو بھی ختم کیا جائے تاکہ اسٹام فروش عزت سے اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں۔

اٹک پولیس اور فرینڈز لا فرم کے مابین مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط

اٹک (بیورو رپورٹ) اٹک پولیس اور فرینڈز لا فرم کے مابین مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط تفصیلات کے مطابق اٹک پولیس اور فرینڈز لا فرم اٹک کے مابین ایک مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے گئے اس معاہدے کا مقصد معاشرے کے نظرانداز اور کمزور طبقات کو مفت قانونی معاونت فراہم کرنا ہے، معاہدے کے تحت پولیس تحفظ مرکز اٹک کے ذریعے مستحق افراد کو مفت قانونی رہنمائی، مشاورت اور دیگر قانونی سہولیات مہیا کی جائیں گی، یہ سہولیات بالخصوص ٹراسجینڈر افراد، بے گھر بچوں، صنفی بنیاد پر تشدد، ہراسانی اور امتیازی سلوک کا شکار افراد کے لیے مہیا کی جائیں گی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار موار ہن خان نے اس موقع پر کہا کہ اٹک پولیس شہریوں کو فوری اور مؤثر انصاف کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور یہ معاہدہ مستحق طبقات کو قانونی تحفظ فراہم کرنے میں اہم پیش رفت ثابت ہوگا

ریونیو عدالتوں کے مقدمات کا پرانا نظام ہمیشہ کے لیے ختم کیا جا رہا ہے

اٹک (بیورو رپورٹ) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور کی ہدایات پر اس سال 15 اپریل سے ریونیو عدالتوں کے مقدمات کا پرانا نظام ہمیشہ کے لیے ختم کیا جا رہا ہے یہ بات تحصیلدار، سب رجسٹرار تحصیل اٹک چوہدری رضوان علی نے ایک ملاقات کے دوران بتائی انہوں نے کہا کہ ضلع اٹک میں ڈپٹی کمشنر راعاطف رضا اور اے ڈی سی آر چوہدری محمد وقاص اسلم مارتھ کی ہدایت پر دیگر تحصیلوں کی طرح اٹک تحصیل میں بھی یہ سہولت فراہم کی جا رہی ہے، ڈیجیٹل ایپ کے تحت کوئی بھی نیا مقدمہ دائر کرنے کے لیے مبلغ 3500 روپے فیس بروئے نوٹیفکیشن 16 فروری 2026 گورنمنٹ آف پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی مقرر کی گئی ہے لہذا تحصیل اٹک کے وکلا صاحبان اور عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ 15 اپریل 2026 کے بعد تمام مقدمات کی دائری صرف ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے کریں۔

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ راولپنڈی میں واٹر اسٹی (قدیم شہر) کی بحالی، تزئین وآرائش اور شہری سہولیات کی بہتری کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر فیصل ممتاز راٹھور کا چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی دعوت پر مظفر آباد میں بی آئی ایس پی کے نئے دفتر کا افتتاح

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں گندم کی کٹائی کا عمل باقاعدہ طور پر شروع

حالیہ دنوں میں موسم کی بہتری اور بارشوں کے تھمنے کے بعد کسانوں نے کھیتوں میں تیار کھڑی گندم کی فصلوں کی کٹائی تیز کر دی ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں گندم کی کٹائی کا عمل باقاعدہ طور پر شروع ہے۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ دنوں میں موسم کی بہتری اور بارشوں کے تھمنے کے بعد کسانوں نے کھیتوں میں تیار کھڑی گندم کی فصلوں کی کٹائی تیز کر دی ہے۔ مقامی کاشتکاروں کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ اس سال گندم کی پیداوار مجموعی طور پر بہتر رہنے کی توقع ہے، تاہم کچھ علاقوں میں حالیہ بارشوں اور تیز ہواں کے باعث فصل کو جزوی نقصان بھی پہنچا ہے۔ اس کے باوجود بیشتر کسان بروقت کٹائی میں مصروف ہیں تاکہ مزید ممکنہ موسمی اثرات سے بچایا جا سکے۔ زرعی ماہرین کے مطابق اس مرحلے پر کسانوں کو چاہیے کہ وہ کٹائی کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں فصل کو نمی سے محفوظ رکھیں اور تھریشر کے استعمال میں بھی مکمل احتیاط برتیں تاکہ دانے کے ضائع سے بچایا جا سکے دوسری جانب، دیہی علاقوں میں کمبائن ہارویسٹرز کی مانگ میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ جس کے باعث کرایوں میں بھی اضافہ ہو گیا ہے، جس سے چھوٹے کاشتکاروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ گندم کی خریداری کے لیے مراکز جلد فعال کیے جائیں گے تاکہ کسانوں کو ان کی محنت کا مناسب معاوضہ بروقت فراہم کیا جا سکے

جہلم کے معروف قانون دان ایڈووکیٹ سید محمد اقبال بخاری مرحوم کی دعائیہ تقریب رسم قل ان کی رہائش گاہ پر عقیدت واحترام کے ساتھ ادا کر دی گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کے معروف قانون دان ایڈووکیٹ سید محمد اقبال بخاری مرحوم کی دعائیہ تقریب رسم قل ان کی رہائش گاہ پر عقیدت واحترام کے ساتھ ادا کر دی گئی۔ ایصال ثواب کی محفل میں شہر بھر سے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر معروف عالم دین پیر سید ریاض حسین شاہ خطیب جامعہ مہدئی آبادی کھرالہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں آنے اور جانے کا سلسلہ ازل سے جاری ہے، اور ہر ذی روح نے ایک دن اپنے رب کے حضور حاضر ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ والد وہ عظیم ہستی ہے جو اولاد کو عدم سے وجود میں لانے کے بعد اس کی تربیت، رہنمائی اور کردار سازی میں ایک مکمل ادارے کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک باپ اپنی اولاد کے لیے سایہ دار درخت کی مانند ہوتا ہے، جو خود دھوپ میں رہ کر اپنی اولاد کو ٹھنڈک فراہم کرتا ہے۔ باپ کی شفقت، قربانیاں اور بے لوث محبت ایسی نعمتیں ہیں جن کا نعم البدل ممکن نہیں۔ جب یہ سایہ سر سے اٹھ جاتا ہے تو زندگی کی سختیاں اور تنہائیاں انسان کو اندر سے جھنجھوڑ کر رکھ دیتی ہیں پیر سید ریاض حسین شاہ نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ اولاد پر لازم ہے کہ وہ اپنے والدین کی زندگی میں بھی ان کی خدمت کرے اور وفات کے بعد بھی ان کے لیے دعا، صدقہ اور نیک اعمال کا سلسلہ جاری رکھیں۔

کوہسار ٹان کے شہری سیوریج خود ڈالنے پر مجبور

کوہسار ٹان میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی نے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا

اسلام آباد علی پور کہتر اڈ روڈ (قاری نسیم عباسی) : کوہسار ٹان کے شہری سیوریج خود ڈالنے پر مجبور، انتخابی وعدے پورے نہ ہو سکیا اسلام آباد کے علاقے پرانہ کرپار روڈ پر واقع کوہسار ٹان میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی نے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، جہاں رہائشی اپنی مدد آپ کے تحت سیوریج لائنیں بچھانے پر مجبور ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق سرکاری سطح پر نکاسی آب کا کوئی مؤثر نظام موجود نہیں، جس کے باعث گندا پانی گلیوں اور سڑکوں پر کھڑا رہتا ہے۔ اس صورتحال سے نہ صرف روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے بلکہ مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے متعدد بار متعلقہ اداروں اور نمائندوں کو مسائل سے آگاہ کیا، تاہم کوئی عملی پیش رفت سامنے نہیں آئی۔ شہریوں نے الزام عائد کیا کہ حلقہ این اے 48 سے تعلق رکھنے والے وفاقی وزیر نے الیکشن کے دوران جو وعدے کیے تھے، وہ تاحال پورے نہیں کیے گئے۔ مقامی افراد نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر سیوریج سسٹم کی فراہمی، سڑکوں کی تعمیر اور دیگر بنیادی سہولیات کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔

پاک بحریہ قومی بحری مفادات اور اپنی سمندری حدود کے دفاع کے لیے پر عزم ہے

پاک بحریہ کا فضا سے سطح سمندر پر مار کرنے والے کروز میزائل 'تیمور ' کی کامیاب فائرنگ کے ذریعے جنگی قوت کا مظاہرہ

صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان، چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس نے سائنسدانوں اور انجینئرز کو اس اہم سنگِ میل کے حصول پر مبارکباد پیش کی

کراچی (سٹاف رپورٹر) پاک بحریہ نے مقامی طور پر تیار کردہ ف

ایشین کپ فٹبال کوالیفائنگ راؤنڈ، میانمار کی ٹیم اسلام آباد پہنچ گئی

میانمار کے 14 رکنی سکواڈ نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈ کیا، حکام کا پرتپاک استقبال

پاکستان اور میانمار کی فٹبال ٹیموں کے درمیان 31 مارچ کو اہم میچ کھیلا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) ایشین کپ فٹبال کوالیفائنگ راؤنڈ کے اہم میچ کیلئے میانمار کی قومی فٹبال ٹیم اسلام آباد پہنچ گئی۔ پاکستان اور میانمار کی فٹبال ٹیموں کے درمیان 31 مارچ کو اہم میچ کھیلا جائے گا، جس کیلئے میانمار کے 14 رکنی سکواڈ نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈ کیا، حکام نے ٹیم کا استقبال کیا۔ میچ ایشین کپ کوالیفائرز کے سلسلے کا اہم مرحلہ ہے جس میں دونوں ٹیمیں فتح کی امید لیے میدان میں اتریں گی، پاکستان اور میانمار کی ٹیموں کے درمیان یہ میچ 31 مارچ کو دوپہر 2 بجے اسلام آباد میں کھیلا جائیگا۔ قومی ٹیم ہوم گراؤنڈ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے شاندار کارکردگی دکھانے کیلئے پرعزم ہے، میانمار کی ٹیم بھی بھرپور تیاری کے ساتھ پاکستان پہنچی ہے۔ فٹبال شائقین اس اہم مقابلے کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں، دونوں ٹیموں کے درمیان سخت اور دلچسپ مقابلے کی توقع کی جارہی ہے۔

پی ایس ایل، خالی اسٹیڈیمز دیکھ کر دل دکھتا ہے، فرنچائز مالکان

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز کراچی کنگز کے مالک سلمان اقبال نے خالی اسٹیڈیمز پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ لیگ کے آغاز سے اب تک اس کا حصہ رہنے کے ناطے یہ منظر دل کو دکھ پہنچاتا ہے۔ سلمان اقبال نے وزیر اعظم شہباز شریف سے درخواست کی کہ شائقین کرکٹ کو دوبارہ اسٹیڈیمز میں آنے کی اجازت دی جائے تاکہ کھیل کی رونقیں بحال ہوسکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ایس ایل کی اصل خوبصورتی عوام کے جوش و خروش سے وابستہ ہے اور جب تک تماشائی موجود نہ ہوں، مقابلوں کا لطف ادھورا رہتا ہے۔ کراچی کنگز کے مالک نے امید ظاہر کی کہ جلد ہی اسٹیڈیمز ایک بار پھر مکمل گنجائش کے ساتھ بھرے نظر آئیں گے اور کرکٹ کا حقیقی ماحول واپس آئے گا۔ آخر میں انہوں نے پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگاتے ہوئے قومی جذبے کو اجاگر کیا، ان کی اس ٹویٹ کی تائید کرتے ہوئے ملتان سلطانز کے نئے مالک گوہر شاہ نے کہا کہ ایک ہزار فیصد ہم شائقین کی واپسی چاہتے ہیں۔ لاہور قلندرز کے سی ای او عاطف رانا نے کہا کہ شائقین کے بغیر پی ایس ایل ادھورا ہے۔ ہم وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ مریم نواز سے درخواست کرتے ہیں کہ شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دی جائے۔ حیدرآباد کنگزمین کے مالک فواد سرور نے کہا کہ ہم اپنے پہلے پی ایس ایل میں شائقین کی کمی محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم شہباز شریف سے درخواست کی شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دی جائے، ہم اپنے شائقین کے سامنے کھیلنے کے لیے مزید انتظار نہیں کرسکتے۔ پشاور زلمی کے مالک جاوید آفریدی نے کہا کہ پی ایس ایل کروڑوں شائقین کے دلوں کی دھڑکن اور قوم کو متحد کرنے کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم شہباز شریف سے درخواست کی شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دی جائے تاکہ یہ قومی خوشی قوم کو جوڑنے میں مددگار ثابت ہوسکے۔

ایران کی فٹبال ٹیم کا نائیجیریا میں میچ سے قبل شہید طالبات کو خراج تحسین

شہید ہونے والی طالبات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے چھوٹے اسکول بیگز تھامے ہوئے تھے

انقرا (این این آئی) ایران کی فٹبال ٹیم نے نائیجیریا سے کھیلے گئے دوستانہ فٹبال میچ سے قبل مناب میں شہید ہونے والی اسکول طالبات کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایران کی قومی فٹبال ٹیم نے ترکی میں کھیلے گئے دوستانہ میچ سے قبل مناب اسکول پر امریکی حملے کے سبب شہید ہونے والی طالبات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے چھوٹے اسکول بیگز تھامے ہوئے تھے۔ واضح رہے امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران میں معصوم بچیوں کے ایک اسکول پر حملہ کیا گیا تھا جس کے نتیجے میں 170 کے قریب بچیاں جام شہادت نوش کرگئی تھیں۔ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے کی جانب سے کئے گئے اس ظالمانہ حملے کے بعد دنیا کے بیشتر ممالک کی جانب سے شدید غم و غصے کا اظہار بھی کیا گیا تھا۔

ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے فروغ کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے؛ طیب محمود چٹھہ

اسلام آباد (یو این پی) پیپلز سپورٹس ونگ پنجاب کے صدر طیب محمود چٹھہ نے کہا ہے کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے فروغ کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کھیل امن بھائی چارے کا درس دیتا ہے اور کھلاڑی امن کے سفیر ہوتے ہیں اور ان کے ذریعے ہیں ملکوں میں آپس رابطے بڑھتے ہیں۔ انہوں اپنے کہا کہ دنیا میں کوئی بھی کھیل حکومتی اور سپانسر کی سرپرستی کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا اور پرائیویٹ سیکٹرز کو کرکٹ کی طرح دوسرے کھیلوں پر بھی توجہ دینی چاہئے تاکہ دوسرے کھیل بھی ترقی کرسکیں۔ قومی کھیل ہاکی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں طیب محمود چٹھہ نے کہا کہ ہاکی ہمارا قومی کھیل ہے اور ہاکی میں پاکستان نے کئی دہائیوں تک دنیا میں حکمرانی کررکھی تھی جن میں ورلڈ کپ، اولمپک گیمز، دولت مشترکہ، چیمپئنز ٹرافی اور ایشیائی سطح پر تمام ٹورنامنٹ شامل تھے اور اللہ تعالیٰ کرے کہ پاکستان اپنا ہاکی کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرسکے لیکن ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے فروغ کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کئی سالوں بعد قومی ٹیم کا عالمی کپ کے لئے کوالیفائی کرنا خوشی کی بات ہے۔

سابق کپتان پر الزامات، احمد شہزاد مشکل میں پڑ گئے

کراچی (سپورٹس ڈیسک) ایک سابق کپتان پر الزامات لگانے پر احمد شہزاد قانونی مشکل میں پڑ گئے۔ تفصیلات کے مطابق احمد شہزاد کرکٹ چھوڑ کر اب ٹی وی پر ایکسپرٹ کے روپ میں نظر آتے ہیں، وہ جس طرح کی جارحانہ بیٹنگ کرتے تھے اب ان کے تبصرے بھی ویسے ہی ہوتے ہیں۔ البتہ گزشتہ دنوں ایک سابق کپتان کے حوالے سے انہوں نے متواتر بعض تبصرے کیے، ان میں سے ایک مخصوص کھلاڑی کو نہ کھلانے کے حوالے سے تھا جس کا جواز بھی دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایک سے زائد بار یہ الزام سننے پر سابق کپتان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا، انہوں نے قانونی راہ اپناتے ہوئے شکایت درج کرا دی۔ سائبر کرائم قانون کے تحت احمد شہزاد کو گزشتہ دنوں لاہور میں پوچھ گچھ کے لیے بھی بلایا جاچکا، اگر وضاحت سے حکام مطمئن نہ ہوئے تو باقاعدہ ایف آئی آر درج ہوسکتی ہے۔ سابق کپتان کے قریبی ذرائع نے بتایا کہ اگر صرف کھیل کے حوالے سے بات ہو تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ البتہ الزامات لگانے سے ساکھ متاثر ہوتی ہے، اگر کوئی بات درست نہ بھی ہو لیکن اسے بار بار دہرایا جائے تو لوگ اسے سچ سمجھنے لگتے ہیں، اس لیے کارروائی ضروری تھی۔

فرنچائز پشاور زلمی نے سابق کپتان اظہر علی کو فیلڈنگ کوچ مقرر کردیا

اظہر علی کی آمد سے ہماری فیلڈنگ مضبوط ہوگی اور وہ ہماری کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے

لاہور (یو این پی) پی ایس ایل کی فرنچائز پشاور زلمی نے سابق کپتان اظہر علی کو فیلڈنگ کوچ مقرر کردیا۔ پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی نے راولپنڈیز کے خلاف اپنے پہلے میچ سے قبل سابق کپتان اظہر علی کو فیلڈنگ کوچ مقرر کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ زلمی نے سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ 'ہم سابق پاکستانی کپتان اظہر علی کو پی ایس ایل 11 کے لیے بطور فیلڈنگ کوچ خوش آمدید کہتے ہیں۔ پشاور زلمی کے مطابق اظہر علی کی آمد سے ہماری فیلڈنگ مضبوط ہوگی اور وہ ہماری کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے۔ واضح رہے کہ اظہر علی نے 97 ٹیسٹ اور 53 ایک روزہ میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی اور بالترتیب 7 ہزار 142 اور 1 ہزار 849 رنز بنائے ہیں۔

معروف گالفر ٹائیگر ووڈز کو فلوریڈا میں گرفتار کرلیا گیا

کار حادثے میں ملوث ہونے کے بعد نشے کی حالت میں گاڑی چلانے کا مقدمہ درج کرلیا گیا

فلوریڈا (این این آئی) معروف گالفر ٹائیگر ووڈز کو فلوریڈا میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق ٹائیگر ووڈز پر فلوریڈا کے علاقے جیوپیٹر آئی لینڈ میں ایک کار حادثے میں ملوث ہونے کے بعد نشے کی حالت میں گاڑی چلانے کا مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ امریکی پولیس کی جانب سے ٹائیگر ووڈز پر نشے کی حالت میں ڈرائیونگ، املاک کو نقصان پہنچانے اور قانونی ٹیسٹ دینے سے انکار کے الزامات عائد کیے گئے ہیں، یہ سب اس وقت پیش آیا جب وہ فلوریڈا میں ایک کار حادثے میں ملوث ہوئے، ان کو حادثے کے بعد پولیس نے جیل منتقل کردیا۔ 15 بڑے ٹائگلو جیتنے والے گالف کھلاڑی کو اس وقت جیل لے جایا گیا جب ان کی گاڑی ایک ٹریلر کو اوورٹیک کرنے کی کوشش کے دوران ٹکر کے بعد الٹ گئی۔ فلوریڈا کے مارٹن کاؤنٹی شیرف کے دفتر نے صحافیوں کو بتایا کہ اس واقعے کے بعد ووڈز میں نشے کی علامات پائی گئیں۔ یہ حادثہ گزشتہ مقامی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے کے فوراً بعد پیش آیا اور اسی قصبے میں ہوا جہاں ووڈز رہائش پذیر ہیں۔ شیرف کے مطابق ٹائیگر ووڈز نے موقع پر سانس کے ذریعے الکحل چیک کرنے والا ٹیسٹ دیا جو منفی آیا تاہم انھوں نے پیشاب کے نمونے کا ٹیسٹ دینے سے انکار کردیا، ان پر املاک کو نقصان پہنچانے اور قانونی ٹیسٹ سے انکار کے الزامات بھی عائد کیے گئے ہیں۔ اس حادثے میں کسی کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ شیرف نے کہا کہ نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کے تفتیش کار موقع پر آئے۔

آسٹریلیا: گھڑسوار گھڑسواری مقابلے میں ایک دوسرے پر برتری حاصل کرنے کی کوشش کررہے ہیں

سرسبز انٹرڈیپارٹمنٹ نیشنل کبڈی چیمپئن شپ 14 اپریل سے فیصل آباد میں شروع ہوگی

مکو آنہ (این این آئی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام سرسبز انٹرڈیپارٹمنٹ نیشنل کبڈی چیمپئن شپ 14 اپریل سے ملک پور سٹیڈیم فیصل آباد میں شروع ہوگا۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے چیئرمین چوہدری شافع حسین اور صدر چوہدری سالک حسین نے چار روزہ کبڈی چیمپئن شپ منعقد کروانے کی منظوری بھی دے دی ہے۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے فیڈریشن سے منسلک 8 ڈیپارٹمنٹس کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ائر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، پاکستان ریلوے، پی او ایف واہ، ہائر ایجوکیشن کمیشن اور ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیمیں شامل ہیں۔ ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیم پہلی بار چیمپئن شپ میں حصہ لے رہی ہے۔ چیمپئن شپ کا فائنل میچ 17 اپریل کو کھیلا جائے گا اور چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

بابر اعظم کی نجی زندگی سے متعلق بڑی خوشخبری سامنے آگئی

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بلے باز بابر اعظم کی نجی زندگی سے متعلق بڑی خوشخبری سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائی کورٹ نے پاکستان کرکٹ ٹیم سابق کپتان بابر اعظم کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ عدالت نے بابر اعظم کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے بابر اعظم کی اندراج مقدمہ کے خلاف دائر درخواست منظور کرلی۔ بابر اعظم نے درخواست میں جسٹس آف پیس کے مقدمہ درج کرنے کے حکم کو چیلنج کیا تھا۔ جسٹس آف پیس نے خاتون حمیزہ مختار کی درخواست پر ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت کی تھی۔

پرفارمنس کی خوشی تب ہوتی ہے جب ٹیم میچ جیتے، شامل حسین

خوش ہوں ٹورنامنٹ کا آغاز اچھا ہوا اور پہلے میچ میں اچھی بیٹنگ کی، میڈیا سے گفتگو

لاہور (یو این پی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اوپنر بیٹر شامل حسین نے کہا ہے کہ پرفارمنس کی خوشی تب ہوتی ہے جب ٹیم میچ جیتے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اوپنر بیٹر شامل حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خوش ہوں کہ ٹورنامنٹ کا آغاز اچھا ہوا اور پہلے میچ میں اچھی بیٹنگ کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹی 20 کرکٹ بدل چکی ہے، اسٹرائیک ریٹ کو دیکھنا پڑتا ہے۔ شامل حسین نے کہا کہ میرا فوکس محنت پر ہے تنقید سے پریشان نہیں ہوتا، لوگوں کی تنقید پر اپنا بیٹنگ اسٹائل تبدیل نہیں کرسکتا، کچھ غلط ہوا تو ضرور بہتر کرنے کی کوشش کروں گا۔ اوپنر بیٹر نے کہا کہ انٹرنیشنل کرکٹ میں پاکستان کی جرسی پہننے کا الگ ہی فخر ہے، انٹرنیشنل کرکٹ میں بہتر نہ کرسکا لیکن ڈومیسٹک میں اچھا کھیل رہا ہوں۔

اپنی باؤلنگ میں جدت لانے کے لیے مسلسل محنت کررہے ہیں، عثمان طارق

کسی خاص بلے باز کو ہدف بنانے کے بجائے ان کی توجہ مجموعی کارکردگی بہتر بنانے پر ہے

لاہور (یو این پی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اسپنر عثمان طارق نے کہا ہے کہ وہ اپنی باؤلنگ میں جدت لانے کیلئے مسلسل محنت کر رہے ہیں اور نئی اقسام کی گیندوں پر کام جاری ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان سپر لیگ کے دوران کسی خاص بلے باز کو ہدف بنانے کے بجائے ان کی توجہ مجموعی کارکردگی بہتر بنانے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ان کے منفرد باؤلنگ ایکشن کو زیادہ زیر بحث لایا جاتا تھا تاہم اب ان کی پرفارمنس کو سراہا جا رہا ہے جو ان کے لیے حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر کھلاڑی کی طرح ان کی بھی کوشش ہے کہ وہ اپنی ٹیم کے لیے نمایاں کارکردگی دکھائیں اور ٹورنامنٹ میں بہترین باؤلر بن کر ابھریں۔ عثمان طارق نے ابرار احمد کے بارے میں کہا کہ وہ تسلسل کے ساتھ اچھی کارکردگی دکھا رہے ہیں، جس سے ٹیم کو فائدہ ہوتا ہے اور باؤلنگ یونٹ پر دباؤ کم رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم مینجمنٹ، خصوصاً ہیڈ کوچ مائیک ہیسن کی ہدایت پر وہ بیٹنگ صلاحیتوں کو بہتر بنانے پر بھی توجہ دے رہے ہیں اور نیٹس میں باقاعدہ پریکٹس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال ان کی تمام تر توجہ پی ایس ایل پر مرکوز ہے جبکہ دیگر لیگز کے بارے میں فیصلہ مناسب وقت پر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کو سیاست سے دور رکھنا ہی اس کی بہتری کے لیے ضروری ہے۔

قومی ہاکی کے ڈومیسٹک اسٹرکچر میں تبدیلی بہت ضروری ہے، کوچ شہناز شیخ

ملک میں ہاکی کی ترقی کے لئے تنقید مثبت ہونے چاہئے، گفتگو

اسلام آباد (یو این پی) قومی ہاکی ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ اولمپین شہناز شیخ نے کہا ہے کہ قومی کھیل ہاکی کو دوبارہ عروج پر لانے کے لئے ڈومیسٹک اسٹرکچر میں تبدیلی بہت ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر ہاکی کے ٹیلنٹ موجود ہے اور اس کی ترقی کے لئے کلب سسٹم کو مضبوط بنانے کی بھی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلب سسٹم اور سکول کالجز کی سطح پر ہاکی کے کھیل کو فروغ دیئے بغیر ہاکی کی ترقی ناممکن ہے۔ ایجوکیشن اور سپورٹس کی وزارت ایک ہونی چاہئے جب سے دونوں وزارتوں کو الگ کیا اس وقت سے ہاکی کا کھیل تباہی کی طرف گیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں ہاکی کی ترقی کے لئے تنقید مثبت ہونے چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بہت صلاحیتیں دی ہوئی ہیں اور ہاکی میں ٹیکنو کریٹ آدمیوں کا شامل ہونا بہت ضروری ہے ایک سوال کے جواب میں شہناز شیخ نے کہا کہ دنیا میں ہاکی کے کھیل کا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرنے کے لئے ڈومیسٹک اسٹرکچر کو تبدیل کرنے کی بہت ضرورت ہے اور ہاکی قومی کھیل ہے اس کھیل میں بہتر رزلٹ لانا چاہئے۔ تمام اولمپین کی بھی خواہش ہے کہ قومی کھیل دوبارہ عروج پر آئے اور قومی کھیل ہاکی کو دوبارہ عروج پر لانے کے لئے ڈومیسٹک اسٹرکچر میں تبدیلی بہت ضروری ہے۔

دھرندھر کی کامیابی کے بعد رنویر کی دیپیکا سے ملاقات کی تصویر وائرل

بالی ووڈ کے معروف جوڑے کو عملے کے ساتھ پوز دیتے دیکھا گیا، رپورٹ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی پروپیگنڈہ فلم دھرندھر کے سیکوئل کی کامیابی کے بعد اداکار رنویر سنگھ کی اپنی اہلیہ دیپیکا پڈوکون کے ساتھ ملاقات کی تصویر وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر ایک تصویر وائرل ہورہی ہے جس میں حال ہی میں بالی ووڈ کو بلاگ بسٹر فلم دینے والے اداکار رنویر سنگھ اپنی اہلیہ دیپیکا پڈوکون کے ہمراہ ممبئی میں ایک سادہ اور پرسکون وقت گزارتے نظر آئے۔ وائرل تصویر ایک ریسٹورنٹ کی جانب سے شیئر کی گئی جس میں بالی ووڈ کے معروف جوڑے کو عملے کے ساتھ پوز دیتے دیکھا گیا۔ یہ جوڑا ایک ریسٹورنٹ گیا جہاں ان کے ساتھ رنویر سنگھ کے والد جگجیت سنگھ بھاونانی بھی موجود تھے۔ ریسٹورنٹ کی جانب سے شیئر کی گئی تصویر میں تینوں کو عملے کے ساتھ پوز دیتے دیکھا جاسکتا ہے۔ 40 سالہ اداکار نے سیاہ ٹی شرٹ، سفید کیپ اور سن گلاسز پہن رکھے تھے اور وہ سیلفی لے رہے تھے جبکہ 40 سالہ اداکارہ ان کے ساتھ کھڑی مسکرا رہی تھیں اور پیس سائن بنا رہی تھیں۔ جگجیت سنگھ بھاونانی ان کے پیچھے کھڑے تھے۔ رنویر سنگھ حال ہی میں فلم دھرندھر 2 میں نظر آئے، جو 19 مارچ کو ریلیز ہوئی۔

شوگر ڈیڈی سے فائدہ، مشی خان زینب یوسف پر بھڑک اٹھیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اور میزبان مشی خان نے حالیہ دنوں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے شوگر ڈیڈی سے متعلق بیانات پر شدید ردعمل کا اظہار کیا اور پوڈکاسٹ گفتگو کو تنقید کا نشانہ بنا ڈالا۔ مشی خان نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے زینب یوسف کے ایک پوڈکاسٹ پر عمل کربات کی جس میں مبینہ طور پر لڑکیوں کو شوگر ڈیڈی کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے مشورے دیے گئے تھے۔ اداکارہ نے اس طرز گفتگو کو غیر اخلاقی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے بیانات معاشرے کے لیے نقصان دہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حقیقت میں لڑکیاں شوگر ڈیڈی نہیں رکھتیں بلکہ ایسے مرد وقتی طور پر انہیں استعمال کرتے ہیں۔ مشی خان کے مطابق اس طرح کے تعلقات کا انجام اکثر لڑکیوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے، جہاں وہ مالی اور ذہنی مسائل کا شکار ہوجاتی ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ پوڈکاسٹس میں ایسے افراد کو جگہ دینا جو غیر اخلاقی رویوں کو فروغ دیتے ہیں، معاشرے کے لیے خطرناک رجحان ہے۔

مس تھائی لینڈ کے مقابلہ حسن میں امیدوار کے نقلی دانت گرنے کی ویڈیو وائرل

تھائی لینڈ (شوبز ڈیسک) تھائی لینڈ میں ہونے والے مقابلہ حسن میں ایک غیر متوقع واقعے نے سب کی توجہ حاصل کرلی۔ تفصیلات کے مطابق مس گرینڈ تھائی لینڈ کی ایک امیدوار کے ساتھ اسٹیج پر دلچسپ صورتحال پیش آئی جب تقریر کے دوران امیدوار کے نقلی دانت گر گئے۔ 18 سالہ ماڈل کامولوان چنا گوا اپنی تعارفی تقریر کے بیچ میں تھیں کہ اچانک ان کے دانتوں پر لگے وینیئر زڈھیلے ہو کر باہر آگئے۔ لائیو اسٹریمنگ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ کچھ لمحوں کے لیے بولنے میں دشواری محسوس کرتی رہیں اور پھر کیمرے سے رخ موڑ کر انہیں دوبارہ درست کرنے لگیں۔

عائزہ خان کا بولڈ فوٹو شوٹ وائرل، صارفین کا دلچسپ ردعمل

کراچی (شوبز ڈیسک) نامور پاکستانی اداکارہ عائزہ خان کا بولڈ فوٹو شوٹ سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا جو مداحوں کو متاثر نہ کرسکا۔ اداکارہ عائزہ خان پاکستان کی مقبول ٹی وی اداکارہ ہیں، جن کے انسٹاگرام پر تقریباً 9.14 ملین فالوورز ہیں۔ ان کے مشہور ڈراموں میں چاند تارا، مہر پوش، چوہدری اینڈ سنز، میرے پاس تم ہو، محبت تم سے نفرت ہے، پیارے افضل، لاپتا اور جانِ جہاں شامل ہیں۔ حال ہی میں مداحوں نے نجی ٹی وی کے ڈرامہ سیریل ہمراز میں ان کی شاندار اداکاری کو بھی سراہا۔ اس عیدالفطر پر عائزہ خان نے اپنے بولڈ انداز کے باعث خبروں میں جگہ بنائی، جب انہوں نے عید لک کی تصاویر شیئر کیں، جو کہ ماضی میں ان کی ذاتی پسند کے خلاف تھا کیونکہ وہ پہلے ایسے لباس نہیں پہنتی تھیں۔ آج عائزہ خان نے ایک اور بولڈ عید فوٹو شوٹ شیئر کیا۔

حمزہ علی عباسی نے اپنی بہن سے متعلق تنازع پر خاموشی توڑ دی

اس مشکل وقت میں اپنی بہن کیساتھ کھڑا ہوں، مجھے انکی دیانت داری پر مکمل اعتماد ہے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان کے معروف اداکار حمزہ علی عباسی نے اپنی بہن ڈاکٹر فریلہ عباسی سے متعلق تنازع پر خاموشی توڑ دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اداکار حمزہ علی عباسی اس معاملے پر وضاحتی بیان انسٹاگرام پر شیئر کیا، اپنے بیان میں کہا کہ انکا اس کیس سے کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے، کچھ میڈیا کورینج سے یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ میرا اس کیس سے کسی نہ کسی طرح سے تعلق ہے یا میں اس میں شامل ہوں، جو کہ درست نہیں ہے۔ میرے خلاف کسی بھی ادارے کی جانب سے کوئی تحقیقات نہیں ہو رہیں، نہ ہی میں کسی حیثیت میں اس کیس کا حصہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انکی بہن ڈاکٹر فریلہ عباسی ایک نہایت کامیاب اور پروفیشنل ہیں جن کا کیریئر شاندار رہا ہے، اور وہ اس مشکل وقت میں انکے ساتھ کھڑا ہوں، مجھے انکی دیانت داری پر مکمل اعتماد ہے، میرا موقف ہے کہ انکا موقف بھی سنا جانا چاہیے، انکے پیشہ ورانہ اور قانونی معاملات کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے، مجھے یقین ہے کہ ہمارے ادارے انصاف کو یقینی بنائیں گے اور سچ سامنے آئے گا۔ حکام کے مطابق فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے ڈاکٹر فریلہ عباسی کے خلاف دو علیحدہ مقدمات درج کیے ہیں۔

اسرائیلی وامریکا کی فلمی ہدایت کار عباس کیارستمی کے گھر پر بمباری



تہران (این این آئی) اسرائیلی اور امریکی بمباری میں ایران کے مشہور زمانہ فلمی ہدایت کار عباس کیارستمی کا گھر بھی نشانہ بن گیا۔ میڈیا رپورٹ عباس کیارستمی ایران کے مشہور ترین ہدایت کار تھے جنہیں ان کی فلم ٹیسٹ آف چیری پر فرانس کا بڑا فلمی اعزاز پام دور بھی ملا تھا۔ عباس کیارستمی 2016 میں انتقال کر گئے تھے۔ اسرائیلی اور امریکی بمباری سے اصفہان کے مشہور چہل ستون محل اور گلستان محل کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ ایرانی حکام کے مطابق اس بمباری میں ایران کے 80 ثقافتی مقامات کو نقصان پہنچ چکا ہے۔

ترک سوشل میڈیا انفلوئنسر کبری کار ااصلان نے پل سے چھلانگ لگادی

کبریٰ کو دن دیہاڑے پل کی حفاظتی ریلنگ پر چڑھتے دیکھا گیا

انقرہ (این این آئی) ترکی کی معروف سوشل میڈیا انفلوئنسر کبری کار ااصلان ایک دل دہلا دینے والے واقعے میں جان کی بازی ہار گئیں۔ تفصیلات کیم طابق 21 سالہ کبریٰ کار ااصلان نے 26 مارچ 2026 کو مبینہ طور پر ایک پل سے چھلانگ لگا دی۔ رپورٹس کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ عثمان غازی پل پر پیش آیا، جو ترکی کے علاقے گیبزے میں واقع ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق کبریٰ کو دن دیہاڑے پل کی حفاظتی ریلنگ پر چڑھتے دیکھا گیا، جس پر وہاں موجود افراد اور ڈرائیورز نے فوراً اپنی گاڑیاں روک کر انہیں بچانے کی کوشش کی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کئی افراد کبری کو اس قدم سے روکنے کی کوشش کرتے رہے اور کافی دیر تک انہیں سمجھاتے رہے، تاہم وہ نہ مانیں اور پل آخر کئی میٹر بلند پل سے نیچے پانی میں کود گئیں۔ ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور انہیں نکال کر قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکیں اور ڈاکٹرز نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔ کبریٰ کار ااصلان سوشل میڈیا پر لائف اسٹائل کنٹینٹ کی وجہ سے خاصی مقبول تھیں اور ان کے ہزاروں فالوورز تھے، وہ ترک فٹبال کلب کی زبردست مداح بھی تھیں اور اکثر اپنی پوسٹس میں ٹیم کی حمایت کرتی نظر آتی تھیں۔

مجھے کاسمیٹک سرجری کروانے کی پیشکش کی گئی، عثمان پیرزادہ



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکار عثمان پیرزادہ نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں اب کاسمیٹک سرجری کروانے کی پیشکش کی جارہی ہے۔ ایک پوڈکاسٹ میں انہوں نے بتایا کہ میں نے اچھا نظر آنے کے لیے آج تک اپنے چہرے پر کچھ نہیں کروایا بس گلیسرین سوپ سے منہ دھوتا ہوں تاہم اب چونکہ میری گردن پر جھریاں آگئی ہیں تو اس وجہ سے مجھے میرے دوست کی طرف سے کاسمیٹک سرجری کروانے کی پیشکش کی جارہی ہے۔ اداکار نے کہا کہ میں نے اسے منع کردیا، میں یہ نہیں کرواسکتا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مجھے لگتا ہے کاسمیٹک سرجری کروانے کے بعد خوفناک جچے ہوئے تاثرات نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ شوبز میں ہیں تو خوبصورت اور فٹ نظر آنے کے لیے صرف اچھی خوراک کا استعمال کریں اور ورزش کریں بس اتنا ہی کافی ہے۔ عثمان پیرزادہ نے بتایا کہ میں اب 75 سال کا ہوگیا ہوں۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم فن ''ورلڈ آرٹ ڈے'' 15 اپریل کو منایا جائے گا

مکو آنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم فن ''ورل

پہلگام واقع کی پہلی برسی

وزیر اطلاعات ونشریات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ پہلگام واقعہ کے ایک سال بعد بھی بھارت شواہد پیش نہیں کر سکا۔ برسی کے موقع پر جاری کی گئی خصوصی ویڈیو میں اُن کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ کھوکھلے پن، غیر منطقی، جھوٹی اَنا، تکبر وحرص پر مبنی سوچ کا عکاس ہے، یہ واقعہ "فالس فلیگ" آپریشن تھا کیونکہ بھارت اِس سے متعلق کیے گئے کسی ایک سوال کا تسلی بخش جواب نہیں دے سکا، اِس کی ایف آئی آر محض 10 منٹ بعد درج کر لی گئی جو کہ متن پہلے سے تیار ہونے کی نشاندہی کرتا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی بھارت کا اندرونی معاملہ جسے وہ بیرونی بنا کر پیش کرتا ہے، کشمیر تسلیم شدہ بین الاقوامی مسئلہ ہے جبکہ بھارت اِسے داخلی معاملہ قرار دینے کی کوشش کرتا ہے، بھارت کی مکاری کھل کے سامنے آ چکی ہے، نہ صرف عالمی میڈیا بلکہ بھارتی سول سوسائٹی، سیاست دانوں، تھنک ٹینکس نے پہلگام واقع پر سنجیدہ سوالات اٹھائے، بھارتی حکومت نے اِن کے جواب دینے کے بجائے مزید بھونڈے طریقے اختیار کئے باوجود اِس کے کہ وزیر اعظم پاکستان نے واقع کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی پیشکش کی تھی۔ وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ بھارتی میڈیا کے پاس ٹھوس شواہد اور قابل اعتبار ثبوت نہیں تھے، بھارتی میڈیا محض من گھڑت بیانیہ کو فروغ دیتا رہا، اُنہوں نے یہ بھی کہا دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کامیاب کارروائیوں کو دنیا دیکھ رہی ہے، پاکستان اپنی خودمختاری، وقار اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا، پوری قوم اِس عزم پر متفق ہے کہ ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ بھارت کو معرکہ حق کے دوران آپریشن بنیانِ مرصوص میں منہ کی کھانا پڑی، آئندہ بھی اُس کی کسی بھی مہم جوئی کا فیصلہ کُن جواب دیا جائے گا۔

پہلگام واقع کو ایک سال گذرنے پر بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا ویب سائٹ 'ایکس' پر متاثرین کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ خوفناک دہشت گردانہ حملے میں معصوم جانوں کے ضیاع کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ بھارتی وزیر اعظم کی طرح وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور وزیر داخلہ امیت شاہ نے بھی اپنے پیغامات کے ذریعے اِس دن کو یاد کیا تاہم کسی نے اِس واقع پر ہونے والی تحقیقات کا کوئی ذکر کیا اور نہ ہی کسی قسم کی پیشرفت یا دہشت گردی سے نمٹنے کے حوالے سے کیے گئے اقدامات بھارتی عوام کے سامنے رکھے۔ کانگریس رہنما جیرام رمیش نے وزیر اعظم نریندر مودی کی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے برملا کہا کہ واقع کے بعد جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر کی جانب سے انٹیلی جنس ناکامی کے اعتراف کے باوجود یہ واضح نہیں ہوا کہ اِس پر کیا اقدامات کیے گئے۔ ایک سال گزرنے کے باوجود کئی اہم سوالات بدستور جواب طلب ہیں۔ جیرام رمیش نے مزید کہا کہ حکومت کی سفارتی حکمت عملی مؤثر ثابت نہیں ہو سکی اور عالمی سطح پر بھارت کا مؤقف مضبوط انداز میں پیش نہیں کیا جا سکا۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا حکومت اپنی خارجہ پالیسی پر نظرِ ثانی کرے گی اور پھر خود ہی جواب دے دیا کہ اِس کا امکان کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ داخلی چیلنجوں کے باوجود سفارتی سطح پر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکے۔ ایک اور کانگریس رہنما ارجن کھڑگے نے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کو دہشت گرد قرار دیتے ہوئے کہا کہ پہلگام فالس فلیگ آپریشن سے شروع ہونے والا ہزیمت اور رسوائی کا سفر تا حال جاری ہے۔ 6 مئی 2025ء کو ہونے والا پہلگام واقعہ انٹیلی جنس اداروں کی ناکامی تھی۔ اُنہوں نے دعویٰ کیا کہ مودی کو اِس واقع کا پہلے سے علم تھا، اِسی وجہ سے اُنہوں نے مقبوضہ کشمیر کا دورہ منسوخ کیا تھا۔ کانگریس رہنما کا مزید کہنا تھا کہ دہشت گرد مودی کی جماعت برابری اور انصاف پر یقین نہیں رکھتی۔ بھارتی میڈیا میں کیے گئے کئی ماہرین کے تبصروں کے مطابق بھارت کے اندر سے مودی کو دہشت گرد قرار دیا جانا بھارتی عوام میں ہندوتوا نظریات کے خلاف بڑھتی نفرت کا عکاس ہے، پہلگام فالس فلیگ کو ایک سال گزرنے کے باوجود بھارت اپنے الزامات کے حوالے سے کوئی مستند شواہد پیش نہیں کر سکا۔

پہلگام واقع کو ایک سال مکمل ہونے کے باوجود بھارت میں سکیورٹی اور انٹیلی جنس ناکامیوں پر سوالات برقرار ہیں۔ بھارتی میڈیا اور تجزیہ کاروں کے مطابق واقع کے بعد بھی ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کوئی واضح کارروائی نہ ہونے پر حکومت کے احتسابی اور جوابدہی کے نظام پر بحث کو دوبارہ جنم دیا ہے۔ بھارتی جریدے 'دی ٹریبیون' نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ پہلگام واقع کے ایک سال بعد بھی حکومت کی طرف سے کوئی واضح انتظامی یا تادیبی قدم سامنے نہیں آیا۔ رپورٹ کے مطابق واقع کے بعد ہونے والی گُل جماعتی ملاقاتوں میں بھی انٹیلی جنس اور سکیورٹی میں سنگین خامیوں کا اعتراف کیا گیا تھا تاہم عملی اقدامات کا فقدان دیکھا گیا۔ بھارتی میڈیا میں یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ پہلگام واقعہ اُن کئی واقعات میں سے ایک ہے جن میں ماضی میں بھی سکیورٹی ناکامیوں کی نشاندہی کی جاتی رہی لیکن ذمہ داری کے تعین کے بجائے سیاسی بیانیہ بنایا جاتا رہا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق پہلگام، پلوامہ، اُڑی اور چھتیس گڑھ جیسے واقعات میں بار بار ایک ہی نوعیت کی خامیاں سامنے آتی رہی ہیں

لیکن مؤثر احتساب نہ ہونے سے نظام کی کمزوریاں مزید نمایاں ہوگئی ہیں جو مستقبل میں ایسے ممکنہ واقعات کی روک تھام کے لئے بھی سنجیدہ چیلنج ہیں۔ مودی حکومت نے تحقیقات کرانے کے بجائے الزام پاکستان پر دھرنے کی کوشش کی اور جب عوام نے سوالات پوچھے تو اُن کا جواب دینے کے بجائے عوام کو بیوقوف بنانے کے لئے جارحیت شروع کر دی۔ اِس ہٹ دھرمی کا منہ توڑ جواب ملا اور بھارت کو جنگ میں شکستِ فاش ہوئی تو اُس کی دنیا بھر میں جگ ہنسائی بھی ہوئی لیکن اُس نے اپنی روش نہیں بدلی، مودی حکومت سے صرف بھارت میں ہی نہیں دنیا بھر میں جو سوالات پوچھے گئے ان کا کوئی جواب نہیں دیا جا سکا۔ اِس سب کے باوجود اُس نے اپنا قبلہ درست کرنے کے بجائے اُلٹی، سیدھی اور خیالی فلمیں بنا کر پاکستان کے خلاف جھوٹا بیانیہ بنانے کی کوششیں جاری رکھیں کیونکہ اُس کا مقصد دہشت گردی کا خاتمہ نہیں بلکہ اپنے عوام کو بیوقوف بنانا ہے۔ سرحدوں پر تناؤ سمیت ملک میں دہشت گردی کے واقعات کو بنیاد بنا کر انتخابات جیتنا انتہاء پسندوں کا پرانا طریقہ واردات ہے۔ پہلگام واقعہ بھی فالس فلیگ آپریشن نہ ہوتا تو مودی حکومت اِس کی آزادانہ اور شفاف بین الاقوامی تحقیقات کرا کر نہ صرف اصل حقائق سامنے لا چکی ہوتی بلکہ ذمہ داروں کو بھی سزا دے چکی ہوتی لیکن ایسا ہوا اور نہ کبھی ہوگا کیونکہ اس نے انتخاب ہی پاکستان دشمنی پر لڑنا ہے، اِس انتہاء پسندانہ سوچ کو تبدیل کر کے اور خیالی دنیا سے باہر نکل کر حقائق کا سامنا کر کے ہی بھارت آگے بڑھ سکتا ہے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

خدا پاکستان کی حفاظت کرے

رئیس فاطمہ

ساری دنیا نے امریکا، ایران جنگ رکوانے میں پاکستان کا ثالثی کا کردار سراہا، دنیا کی واحد سپر پاور کو مذاکرات کی میز پر لانے میں کامیاب ہوگیا، پہلے راؤنڈ میں کامیابی کا تناسب بہت کم تھا، ایسے دو ممالک جیسے ایک بھیڑیا اور دوسرا بھیڑ ہو، جنگ بندی کرانا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے۔ جنگیں کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہوسکتیں، جنگ کی ضرورت صرف اسلحہ ساز کمپنیوں کو ہوتی ہے، یہ اسلحہ کے سوداگر امن کے خواہاں کبھی نہیں ہوسکتے۔ ایسے دو ممالک جو 47 سال سے ایک دوسرے کے دشمن ہوں ان کا ایک ٹیبل پر مذاکرات کے لیے دوبدو بیٹھنا ہی ایک بہت بڑا کارنامہ ہے۔

اتنی طویل دشمنی کے بعد اگر کوئی یہ سمجھ بیٹھا کہ دونوں ممالک دوستانہ ماحول میں ایک دوسرے کو تسلیم کریں گے تو یہ بہت بڑی غلط فہمی ہوگی۔ امریکا کی طرف سے ایسے اشارے ملے ہیں کہ وہ دوبارہ مذاکرات کے لیے تیار ہے۔ دراصل دونوں ملکوں کو ''کچھ دو اور کچھ لو'' کی پالیسی پر کاربند ہونا چاہیے۔ لیکن ان دونوں ممالک میں ''انا کا ٹکراؤ'' بنیادی مسئلہ ہے۔ دونوں ممالک اپنے عوام کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جنگ انھوں نے جیتی ہے، ہارنا کوئی بھی پسند نہیں کرے گا لیکن جب دونوں ممالک جیت کے خواہاں ہیں تو ''ہارنا'' کس کے مقدر میں لکھا ہے۔

ہم جس دور میں جی رہے ہیں جہاں انسان نے سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں حیرت انگیز ترقی کی ہے۔ انسان نے چاند پر قدم رکھ دیا، خلائی تحقیق نے پوری دنیا کو ''گلوبل ویلج'' میں تبدیل کر دیا ہے۔ حیرت اس بات پر ہے کہ اکیسویں صدی میں بھی لوگ جنگوں کے ذریعے معاملات طے کرنا چاہتے ہیں، جنگوں نے دنیا کو صرف بربادی دی ہے، انسانی خون ارزاں ہو جاتا ہے، عمارتیں دھوئیں کے بادلوں میں چھپ جاتی ہیں، لاتعداد لوگ جن میں بچے اور عورتیں بھی شامل ہوتی ہیں جسمانی طور پر معذور ہو جاتے ہیں۔ ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کو بڑھانے میں اسرائیل کا بہت بڑا ہاتھ ہے جو ''گریٹر اسرائیل'' کے منصوبے پر عمل پیرا ہے اس نے فلسطین، غزہ اور ایران میں دہشت گردی پھیلا رکھی ہے۔

امریکا نے ایران کو بہت ہلکا لیا تھا، اس نے سوچا تھا کہ ایران بھی وینزویلا کی طرح اس کے لیے تر نوالہ ثابت ہوگا، لیکن ایسا ہوا نہیں۔ ایران کی سرکردہ لیڈر شپ ختم ہوگئی لیکن نہ تو رجیم چینج ہوا نہ ایران نے ہتھیار ڈالے بلکہ امریکا کو ایران نے ناکوں چنے چبوا دیے، جس سے مسلم دنیا بہت خوش ہے۔ امریکی حملوں میں ایران کے کئی شہر ملبے کا ڈھیر بن گئے لیکن ایران میں نہ انار کی پھیلی نہ رجیم چینج ہوا نہ ایران کے حکمران لڑکھڑائے نہ خوفزدہ ہوئے۔ عالمی مبصرین کی اکثریت کہہ رہی ہے کہ امریکا جنگ ہار گیا کیونکہ وہ اپنے اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ امریکا نے کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ وہ یوں سربازار رسوا ہوگا۔ پہلے دور کے مذاکرات سے امریکا یوں پیچھے ہٹا ہے کہ وہ بڑی طاقت ہے۔ کافی باتوں پر اتفاق ہو چکا ہے۔ جنرل عاصم منیر، شہباز شریف اور اسحاق ڈار کی کوششوں سے پندرہ روزہ جنگ بندی ہوئی اور اسرائیل کو بھی منہ کی کھانی پڑی۔ انشا اللہ پاکستان کا یہ سفارتی اعزاز برقرار رہے گا۔ بھارت کو پاکستان کا یہ اعزاز ایک آنکھ نہیں بھا رہا جب کہ بیشتر بھارتی صحافیوں نے پاکستان کی تعریف کی ہے۔

1945 میں دوسری جنگ عظیم کے دوران 6 اور 9 اگست کو انسانی تاریخ کا سب سے شرمناک واقعہ پیش آیا، جو آج بھی تاریخ کا بدترین دن مانا جاتا ہے۔ اس دن امریکا نے جاپان کے شہر ناگاساکی اور ہیروشیما میں ایٹم بم گرائے تھے جس نے دیکھتے ہی دیکھتے دو سے تین لاکھ کے درمیان لوگوں کی جان لی۔ آج اس دن کے بارے میں سوچا جاتا ہے تو آنکھوں سے آنسو امڈ پڑتے ہیں کہ کیا ایسے انسان بھی ہوسکتے ہیں جو لاکھوں بے گناہ انسانوں کی جان منٹوں میں لے لیتے ہیں۔ اس واقعے نے پوری انسانیت کے دَر و دیوار کو ہلا کر رکھ دیا۔ ایٹمی بمباری کے بعد دیکھتے ہی دیکھتے معصوم لوگوں کے جسموں سے گوشت پگھلنے لگا۔ اس دن کو تاریخ میں سیاہ ترین دن سمجھا جاتا ہے۔ اس بمباری کی وجہ سے آج بھی ناگاساکی اور ہیروشیما میں لوگ پیدا ہوتے ہیں تو ان میں عموماً کوئی نہ کوئی جسمانی نقص پایا جاتا ہے۔ ایٹم بم انسانیت کے لیے انتہائی تباہ کن ہے جب بھی اس کا استعمال ہوا ہے ہمیشہ اس نے تباہی مچائی۔ وہی امریکا جو آج دعوے کرتا ہے کہ وہ ہم سب سے زیادہ انسانیت کے حق میں ہے اس نے 1945 میں سب سے زیادہ انسانوں کو قتل کیا۔

ایران اور امریکا کے درمیان موجودہ کشیدہ صورت حال میں پاکستان ایک اہم ثالث کے طور پر ابھرا ہے جہاں وہ دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات اور پیغامات کی ترسیل کا بنیادی ذریعہ بن چکا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان پاکستان کے ذریعے مسلسل پیغامات کا تبادلہ جاری ہے۔ پاکستان نے حال ہی میں اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات کے بعد دوسرے دور کی میزبانی کی پیشکش بھی کی ہے۔ ان مذاکرات کا بنیادی مقصد خطے میں جاری جنگ کا خاتمہ، ایران پر عائد پابندیوں کی منسوخی اور نقصانات کا ازالہ کرنا ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے بھی ایران کے ساتھ ایک جامع معاہدے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ مذاکرات میں سب سے بڑی رکاوٹ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا ہے جس پر ایران مکمل کنٹرول کا اصرار کر رہا ہے۔

پاکستان اور ایران دونوں برادر اسلامی ممالک ہیں جن کے درمیان گہرے تاریخی اور ثقافتی تعلقات ہیں۔ تاہم سرحدی سیکیورٹی اور گیس پائپ لائن جیسے منصوبوں پر کبھی کبھار اختلافات بھی سامنے آتے رہے ہیں۔ اسی طرح پاکستان امریکا کا بھی اتحادی رہا ہے۔ خاص طور پر سیکیورٹی اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں۔ تاہم حالیہ برسوں میں پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی میں توازن لانے کی کوشش کی ہے۔ امریکا اور ایران کے تعلقات ایرانی انقلاب کے بعد سے سخت کشیدہ ہیں۔ پاکستان کے لیے اس وقت سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ وہ امریکا کے ساتھ اپنی حکمت عملی پر توجہ دے اور اسے برقرار رکھتے ہوئے اپنے پڑوسی ملک ایران کے ساتھ بھی بہتر تعلقات قائم رکھے۔ یہی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

چلیے جناب پاکستان کا وقار دنیا میں بلند ہوگیا ہے۔ اب جناب شہباز شریف کو ملک کے داخلی معاملات پر توجہ دینی چاہیے۔ بہت تعریفیں ہوگئیں، کیا ہی اچھا ہو کہ ملک کے داخلی معاملات سلجھانے پر بھی اتنی ہی تعریفیں ملیں جتنی کہ ایران، امریکا جنگ رکوانے پر ملی ہیں۔

بھارت و بنگلہ دیش تعلقات: پاکستان کہاں کھڑا ہے؟

تنویر قیصر شاہد

بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم، شیخ حسینہ واجد، کے پندرہ سالہ دَورِ حکومت میں بنگلہ دیشی عوام اور بنگلہ دیشی سماج کی جو درگت بنی، وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ کسی نے اُس دَور کی اجتماعی بنگلہ دیشی شکل ملاحظہ کرنی ہو تو آج کی بنگلہ دیشی پارلیمنٹ کی معروف رکن، بیرسٹر میر احمد بن قاسم ارمان، کی شائع ہونے والی تازہ کتاب (اندھیری جیل کا قیدی) کا مطالعہ کر لے۔ سب چاٹن ہو جائے گا۔

شیخ حسینہ واجد کے متنوع مظالم، استحصالی قوانین اور بھارت کی جانب بے تحاشہ جھکاؤ سے بغاوت کرتے ہُوئے بنگلہ دیشی طلبا و نوجوان طبقہ نے ''عوامی لیگ'' اور حسینہ واجد کی حکومت کا تختہ اُلٹ دیا۔ یہ غیر معمولی واقعہ اگست 2024 کو وقوع پذیر ہُوا۔ تختہ اُلٹنے کی تحریک میں مبینہ طور پر 1400 بنگلہ دیشی نوجوان قتل کر دیے گئے۔ اِن سانحات کی تمام ذمے داری شیخ حسینہ واجد اور بھارتی اسٹیبلشمنٹ پر عائد کی گئی۔

حکومت کے خاتمے پر حسینہ واجد بنگلہ دیش سے فرار ہو کر اپنے محسن ملک، بھارت، میں پناہ گزیں ہوگئیں۔ اب تک وہیں ہیں۔ متنوع اور سنگین الزامات کے تحت بنگلہ دیشی عدالت حسینہ واجد کو سزائے موت بھی سنا چکی ہے۔ بنگلہ دیش میں پروفیسر محمد یونس کی سابقہ عبوری حکومت نے متعدد بار بھارت سے مطالبہ کیا تھا کہ حسینہ واجد کو ہمارے حوالے کیا جائے، مگر مودی حکومت نے یہ مطالبہ ماننے سے صاف انکار کر دیا۔

حسینہ واجد کی حکومت ختم ہونے کے بعد نوبل انعام پانے والے معروفِ عالم بنگلہ دیشی پروفیسر محمد یونس کی عبوری حکومت قائم کی گئی۔ اُن کی 18 ماہانہ حکومت کے دوران بھارت و بنگلہ دیش تعلقات نچلے درجے پر دیکھے گئے۔ بھارتی وزیر خارجہ، جے شنکر، ڈھاکہ میں اُس وقت پُر جوش انداز میں دیکھے گئے جب سابق بنگلہ دیشی وزیر اعظم (خالدہ ضیاء) کا (یکم جنوری 2026 کو) جنازہ اُٹھا۔ تجزیہ نگاروں کا کہنا تھا کہ جے شنکر کی مذکورہ شرکت اِس امر کا عندیہ ہے کہ بھارت کسی بھی طور بنگلہ دیش کو اپنے ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہتا اور نہ ہی یہ چاہتا ہے کہ وہ پکے ہُوئے پھل کی طرح پاکستان کی گود میں جا گرے۔ جب کہ پاکستان کا شائد یہ خیال تھا کہ پروفیسر یونس کی عبوری حکومت کے دوران پاک، بنگلہ دیش تعلقات میں جو شاندار اُبھار آیا ہے، یہ یونہی برقرار رہے گا۔

ایسا مگر نہیں ہو سکا ہے۔ ہم مشاہدہ کر رہے ہیں کہ فروری 2026 کو بنگلہ دیش میں منعقد ہونے والے عام انتخابات کے بعد جونہی BNP کی حکومت آئی اور (خالدہ ضیاء مرحومہ کے صاحبزادے) جناب طارق رحمن بنگلہ دیش کے وزیر اعظم منتخب ہُوئے، بھارت اور بنگلہ دیش کی قربتوں میں پہلے کی طرح پھر اضافہ ہونے لگا ہے۔

یاد رہے یہ بھارتی وزیر اعظم، نریندر مودی، ہی تھے جنھوں نے طارق رحمن صاحب کی جماعت کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر (پاکستان سے پہلے) طارق رحمن کو انتخابی فتح کی مبارکباد دی تھی۔ طارق رحمن کی حکومت بنتے ہی بنگلہ دیش کے نئے وزیر خارجہ، خلیل الرحمن، نے سب سے پہلے بھارت کا 2 روزہ دَورہ کیا ہے۔ یہ دَورہ 8 اپریل 2026 کو عمل میں آیا۔ خلیل الرحمن نے اِس وِزٹ کے دوران بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر اور مودی کے نیشنل سیکیورٹی ایڈوائزر، اُجیت ڈووَل، (جو پاکستان دشمنی میں خاصے معروف و مشہور ہیں) سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ خلیل الرحمن نے بھارتی وزیر پٹرولیم، ہردیپ سنگھ پوری، سے بھی مفصل ملاقاتیں کیں۔

بھارتی میڈیا بامسرت اعتراف کر رہا ہے کہ حسینہ واجد کی حکومت کے خاتمے اور پروفیسر یونس کی عبوری حکومت کے دوران بنگلہ دیشی و بھارتی حکومت میں عدم اعتماد کے جو کئی بحران دَر آئے تھے، اب طارق رحمن کی حکومت کے آتے ہی اِن بحرانوں کا دھیرے دھیرے خاتمہ ہو رہا ہے۔ ازسرِ نَو تعلقات میں مضبوطی آ رہی ہے۔ مثال کے طور پر بنگلہ دیشی وزیر خارجہ، خلیل الرحمن، نے بھارتی وزیر پٹرولیم سے دانستہ جو تفصیلی ملاقاتیں کی تھیں، اُن کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ مارچ میں بھارت نے طارق رحمن کی بنگلہ دیشی حکومت کو، دو اقساط میں، بنگلہ دیشی دارالحکومت، ڈھاکہ، سے شائع ہونے والے معروف انگریزی اخبار ''دی ڈیلی اسٹار'' نے 9 اپریل 2026 کو خبر دی ہے کہ بنگلہ دیش ریلویز 200 کی تعداد میں بھارت سے بنے بنائے ریل ڈبے (Coaches) خرید رہی ہے۔ بنگلہ دیشی پارلیمنٹ میں اِس کا باقاعدہ اعلان بنگلہ دیش کے وزیر ریلوے، شیخ ربیع العالم، نے کیا۔ بھارت یہ آرڈر دسمبر 2027 تک مکمل کرے گا۔ اِس بھاری بھرکم سودے کے اخراجات ''یورپین انویسٹمنٹ بینک'' برداشت کرے گا۔ اور مذکورہ بینک نے یہ رقم بنگلہ دیش کو قرض میں دی ہے۔

مالی فائدہ مگر بھارت کو پہنچے گا۔ اِسی طرح کرکٹ کے میدان میں بھارت و بنگلہ دیش تعلقات میں جو دراڑ پڑ گئی تھی، اُسے بھی درست کیا جا رہا ہے۔ اِس کے لیے بھی طارق رحمن کی بنگلہ دیشی حکومت نے ہی بھارت کی طرف ہاتھ بڑھایا ہے۔ اب تعلقات کی بحالی کے لیے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (BCB) نے بھارتی کرکٹ بورڈ کو خط لکھ دیا ہے۔ اِس خط میں BCB کے ڈائریکٹر آپریشنز، نظم العابدین فہیم، نے اِس خواہش کا برملا اظہار کیا ہے کہ ''ستمبر 2026 میں بنگلہ دیشی کرکٹ ٹیم شیڈول کے مطابق بھارت میں کھیلنے کے لیے آنا چاہتی ہے۔'' یوں بھارت و بنگلہ دیش قربتوں کا ایک اور موقع آیا ہے۔

لگتا یہی ہے کہ بنگلہ دیش چاہتے ہُوئے بھی بھارت سے کامل نجات حاصل نہیں کر سکتا کہ متعدد شعبوں میں بنگلہ دیش ہر پہلو سے بھارت پر انحصار کرتا ہے۔ دریائے ''ٹیسٹا'' کے پانی کی غیر منصفانہ تقسیم پر بنگلہ دیش کی بھارت سے ناراضی نمایاں ہے۔ بھارت میں بنگلہ دیشی شہریوں اور بنگالی زبان بولنے والوں سے جو غیر انسانی سلوک کیا جاتا ہے، اِس منظر سے بھی بنگلہ دیشی عوام بھارت سے خاصے ناخوش ہیں۔ بنگلہ دیشیوں کے لیے بھارتی ویزہ پالیسی بھی برابری اور انصاف پر مبنی نہیں ہے۔

بھارتی BSF (بارڈر سیکیورٹی فورسز) کے مسلح اہلکار آئے روز بنگلہ دیش و بھارت کی مشترکہ سرحد پر بنگلہ دیشی شہریوں کو بے جا طور پر قتل کر ڈالتے ہیں اور بنگلہ دیش احتجاج ہی کرتا رہ جاتا ہے۔

11 اپریل 2026 کو تقریباً تمام بھارتی اخبارات نے یہ خوفناک خبر شائع کی ہے: ''بھارتی بارڈر سیکیورٹی فورسز کے ڈائریکٹر جنرل نے بھارت، بنگلہ دیش سرحد پر تعینات اپنے

اقرار الحسن تنازع: رویہ یا رائے؟

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

اس وقت سوشل میڈیا اور عوامی حلقوں میں ایک ایف آئی اے اہلکار اور اقرار الحسن کے درمیان ہونے والی ایک تکرار خاصی زیر بحث ہے۔ بظاہر یہ واقعہ اتنا بڑا نہیں کہ اسے قومی سطح کے مسئلے کے طور پر دیکھا جائے، لیکن جب اس میں الفاظ، رویے اور عوامی شخصیات شامل ہو جائیں تو پھر یہ معاملہ محض ایک ذاتی گفتگو نہیں رہتا بلکہ ایک وسیع بحث کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اسی وجہ سے یہ موضوع مختلف زاویوں سے زیرِ غور آ رہا ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ متعلقہ ایف آئی اے اہلکار نے کسی گفتگو کے دوران اقرار الحسن کے بارے میں ایک رائے کا اظہار کیا، جسے بعد میں تنازع کی صورت میں پیش کیا گیا۔ یہ بات اگرچہ غیر رسمی گفتگو میں کہی گئی تھی، مگر جب یہ عوام تک پہنچی تو اس نے ایک نیا تنازع کھڑا کر دیا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہر غیر رسمی رائے کو اتنا بڑا مسئلہ بنا دینا چاہیے یا پھر اسے ایک عام انسانی ردِعمل کے طور پر دیکھا جائے۔ دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ جب کوئی شخص ریاستی ادارے کی وردی میں ہو تو اس کے الفاظ اور انداز کو زیادہ حساسیت کے ساتھ دیکھا جاتا ہے۔ عوامی توقع یہی ہوتی ہے کہ ایسے افراد گفتگو میں احتیاط برتیں اور اپنی رائے کو پیش کرنے میں ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ تاہم یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ وہ بھی آخر انسان ہیں اور ان کے ذاتی خیالات اور رائے ہو سکتی ہے۔ یہاں ایک اہم نکتہ یہ بھی ہے کہ کیا کسی سرکاری ملازم کو اپنی ذاتی محفل یا گفتگو میں کسی بھی شخصیت پر رائے دینے کا حق حاصل ہے یا نہیں۔ اگرچہ ادارہ جاتی نظم و ضبط اپنی جگہ اہم ہے، لیکن ذاتی رائے اور نجی گفتگو کو مکمل طور پر ختم نہیں کیا جا سکتا۔ فرق صرف یہ ہونا چاہیے کہ اس رائے کو کس انداز میں بیان کیا جاتا ہے۔ اب اگر بات اقرار الحسن کی جائے تو وہ ایک عوامی شخصیت ہیں اور میڈیا کے ذریعے ایک خاص پہچان رکھتے ہیں۔ اس حیثیت میں وہ تنقید سے مکمل طور پر ماورا نہیں ہو سکتے۔ عوامی شخصیات کے لیے یہ بات ناگزیر ہوتی ہے کہ ان کے بارے میں مثبت اور منفی دونوں طرح کی آراء سامنے آئیں۔ اصل امتحان ان آراء کو برداشت کرنے اور ان کا جواب دینے کے انداز میں ہوتا ہے۔ اس واقعے میں جو ویڈیو سامنے آئی، اس میں دونوں جانب سے جذباتی ردِعمل دیکھا گیا۔ بعض لوگوں کے نزدیک ایک طرف لہجہ نسبتاً نرم تھا جبکہ دوسری طرف زیادہ سخت اور جذباتی انداز سامنے آیا۔ یہی فرق اس بحث کو مزید طول دینے کا باعث بنا اور لوگوں نے اپنے اپنے نقطہ نظر سے اس کا تجزیہ شروع کر دیا۔ اصل مسئلہ شاید الفاظ سے زیادہ لہجے اور ردِعمل کا ہے۔ جب کسی گفتگو میں تلخی آ جائے تو اصل پیغام پس منظر میں چلا جاتا ہے اور صرف انداز گفتگو زیرِ بحث رہ جاتا ہے۔ یہی کچھ اس معاملے میں بھی ہوا، جہاں اصل بات سے زیادہ اس بات پر بحث شروع ہوگئی کہ کس نے کیسے جواب دیا۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ عوامی شخصیات کو اپنے ردِعمل میں زیادہ احتیاط برتنی چاہیے، کیونکہ ان کا ہر عمل ریکارڈ ہو کر عوام تک پہنچتا ہے۔ بعض اوقات ایک لمحاتی غصہ یا جذباتی ردِعمل پوری شخصیت کے تاثر کو متاثر کر دیتا ہے، جو بعد میں سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب اداروں سے وابستہ افراد کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ اپنی گفتگو میں غیر ضروری سختی یا ذاتی تبصرے سے گریز کریں، تاکہ کسی قسم کی غلط فہمی یا تنازع پیدا نہ ہو۔ ادارہ جاتی وقار کا تقاضا یہی ہے کہ ذاتی رائے کو بھی متوازن انداز میں پیش کیا جائے۔ اگر ہم وسیع تناظر میں دیکھیں تو یہ صرف دو افراد کا معاملہ نہیں بلکہ ہمارے معاشرتی رویوں کی عکاسی بھی ہے۔ ہم اختلافِ رائے کو برداشت کرنے کے بجائے اکثر اسے ذاتی حملہ سمجھ لیتے ہیں، جس سے بحث کا معیار کمزور ہو جاتا ہے اور بات دلیل کے بجائے جذبات تک محدود رہ جاتی ہے۔ سوشل میڈیا نے اس طرح کے معاملات کو مزید بڑھا دیا ہے، کیونکہ اب ہر بات فوراً ریکارڈ ہو کر لاکھوں لوگوں تک پہنچ جاتی ہے۔ اس صورتحال میں معمولی گفتگو بھی بڑے تنازع کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور اصل مقصد کہیں پیچھے رہ جاتا ہے۔ ایک اور پہلو یہ بھی ہے کہ ہم اکثر شخصیات کو یا تو مکمل طور پر درست یا مکمل طور پر غلط کے خانوں میں ڈال دیتے ہیں، حالانکہ حقیقت اتنی سادہ نہیں ہوتی۔ ہر انسان کے رویے میں اچھائی اور کمزوری دونوں موجود ہو سکتی ہیں۔ اس واقعے میں بھی اگر ہم غیر جانبداری سے دیکھیں تو دونوں طرف کچھ ایسے پہلو موجود ہیں جن پر تنقید بھی کی جا سکتی ہے اور بہتری کی گنجائش بھی نکالی جا سکتی ہے۔ اصل ضرورت یہ ہے کہ ہم جذبات سے نکل کر دلیل کے ساتھ بات کریں۔ یہ بھی سوچنے کی بات ہے کہ کیا ہم بطور معاشرہ تنقید اور اختلافِ رائے کو برداشت کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں یا نہیں۔ اگر ہر اختلاف کو دشمنی سمجھا جائے گا تو پھر مکالمے کی گنجائش کم ہوتی جائے گی۔ اسی طرح عوامی شخصیات کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ ان کا ردِعمل صرف ذاتی نہیں رہتا بلکہ وہ ایک مثال بن جاتا ہے، جسے دوسرے لوگ بھی دیکھتے اور اپناتے ہیں۔ اس لیے ان کے لیے تحمل اور بردباری زیادہ اہم ہو جاتی ہے۔ اداروں سے وابستہ افراد کے لیے بھی یہی اصول لاگو ہوتا ہے کہ وہ اپنی گفتگو میں توازن رکھیں تاکہ ادارے کا وقار بھی برقرار رہے اور کسی غیر ضروری تنازع سے بھی بچا جا سکے۔ الفاظ کا انتخاب اور لہجے کی نرمی کس قدر اہم ہے۔ معمولی باتیں بھی اگر غلط انداز میں کہی جائیں تو بڑے تنازع کا سبب بن سکتی ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم بحیثیت معاشرہ برداشت، تحمل اور مکالمے کے کلچر کو فروغ دیں تاکہ اختلافات دشمنی میں تبدیل نہ ہوں بلک

بقیہ 1

فیکٹریوں اور دفاتر میں سیفٹی آلات اور حفاظتی اقدامات کو یقینی بنانے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ لیبر، ورکر اور مزدوروں کا کام کی جگہ پر خطرات سے بچانے کیلئے حفاظتی آلات اور حفاظتی اصولوں پر سختی سے عمل درآمد کی ضرورت ہے۔ ایک صحت مند اور محفوظ کارکن ہی ایک مضبوط قوم کی تعمیر کر سکتا ہے۔ تمام اداروں اور صنعتی شعبوں کے مالکان ورکروں کی حفاظت کو ترجیح دیں اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے ضروری اقدامات کریں۔ پنجاب کے ہر ورکر کو صحت، بہبود اور حفاظت کیلئے پرعزم ہوں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کارخانوں، دفاتر، ورک پلیس پر سیفٹی کلچر کا شعور ضروری ہے۔ ورکرز کے تحفظ کیلئے لیبر قوانین میں ترمیم لا رہے ہیں۔ راشن کارڈ کے ذریعے 14 لاکھ محنت کشوں کو ماہانہ مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ رواں مالی سال میں 50 ہزار مزید محنت کشوں کو راشن کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ ورک فورس ملک کا قیمتی اثاثہ ہے، ان کی صحت اور سلامتی پر سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ لیبرز کی جان و مال کا تحفظ اور محفوظ ورکنگ انوائرمنٹ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کام کی جگہ پر حادثات کی روک تھام کیلئے بین الاقوامی معیار کے سیفٹی قوانین پر عمل درآمد ضروری ہے۔ ایک ایسے محفوظ ماحول کی تشکیل کا اعادہ جہاں کام کرنے والے ذہنی و جسمانی طور پر محفوظ محسوس کریں۔ ورکرز کی صحت اور حفاظت کی پروانہ کرنیوالی فیکٹریوں کو جرمانے ہونگے۔

بقیہ 2

محمد اورنگزیب نے کہا کہ جی ڈی پی 4 فیصد تک رہنے کی امید ہے، مارچ میں کرنٹ اکاؤنٹ ایک ارب ڈالر سے زائد سرپلس رہا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہماری ترسیلات مارچ میں 3.8 ارب ڈالر رہیں، روشن ڈیجیٹل سرمایہ کاری کا اہم ذریعہ ہے، مارچ میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں 260 ملین ڈالر آئے۔ انہوں نے کہا کہ اپریل میں پاکستان نے بھاری بیرونی ادائیگیاں کیں، 75 کروڑ ڈالرز کا یورو بانڈ جاری کیا، مئی کے وسط میں 25 کروڑ ڈالرز کا پانڈا بانڈ جاری کرنے کا پلان ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ جون کے آخر تک زرمبادلہ ذخائر 18 ارب ڈالرز ہو جائیں گے، زرمبادلہ ذخائر 3 ماہ کی درآمدات کے مساوی ہوں گے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹل معیشت کا فروغ حکومت کی ترجیح ہے، وزیر اعظم شہباز شریف ہر 2 ہفتے بعد اس پر اجلاس کرتے ہیں، ٹیرف اصلاحات بھی کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیرف رجیم، کسٹم ڈیوٹیز اور ریگولیٹری ڈیوٹیز میں کمی کی گئی ہے، پہلے سال خام مال اور درمیانی اشیا پر ڈیوٹیز میں کمی آئی ہے، توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور گردشی قرضے میں کمی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 3

اور پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت (پی بی آئی ٹی) کے چیئرمین محمد منتہا اشرف کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی ہے۔ جس میں دونوں رہنماؤں نے پنجاب کے صنعتی اور کاروباری شعبے کو چینی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مزید مضبوط بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا جبکہ گفتگو کے دوران چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کی ترقی اور بحالی موضوع بحث رہی۔ دونوں فریقین نے اس امر پر اتفاق کیا کہ ایس ایم ای سیکٹر کو نئی رفتار دینے کے لیے جدید چینی ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کو بروئے کار لایا جائے گا، تاکہ پنجاب میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار نہ صرف مستحکم ہوں بلکہ نئے روزگار کے مواقع بھی پیدا کر سکیں۔ اس اہم نشست میں چیئرمین پی بی آئی ٹی محمد منتہا اشرف اور قونصل جنرل سن یان نے پاکستانی اور چینی تاجروں کے درمیان کاروباری روابط کو فروغ دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں کے مطابق ان روابط سے دوطرفہ سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور کاروباری مواقع میں بھی وسعت آئے گی، جس سے پنجاب کی معیشت کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا۔ چیئرمین پی بی آئی ٹی محمد منتہا اشرف کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے مشن ''ترقی پاتا پنجاب'' کو عملی جامہ پہنانے کے لیے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ بہت جلد پنجاب کے کاروباری سیکٹر اور چینی سرمایہ کاروں کے لیے وسیع تر مواقع فراہم کیے جائیں گے، جو صوبے کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 4

اسد قیصر نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے معزز ججز نے ہمیشہ آئین و قانون کی بالادستی اور بنیادی حقوق کے تحفظ کیلئے کام کیا، ججز نے ہمیشہ انصاف کی فراہمی کے اصولوں کو مقدم رکھا۔ انہوں نے کہا کہ ججز کا ٹرانسفر عدلیہ کی آزادی پر منظم حملہ ہے، یہ ایک ایسے رجحان کی عکاسی کرتا ہے جو انصاف کے نظام کو کمزور کر رہا ہے، تحریک تحفظ آئین پاکستان اس اقدام کی شدید مذمت کرتی ہے۔ سیکریٹری جنرل تحریک تحفظ آئین پاکستان نے کہا ہے کہ ہم اسے عدلیہ کی خودمختاری کے منافی قرار دیتے ہیں، ججز کے ٹرانسفر کا یہ طریقہ کار انصاف کی غیر جانبداری سے جو عوام کے اعتماد کو متاثر کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے عدلیہ کو انتظامیہ کے لیول پر لایا جائے گا، جہاں سرکاری ملازمین کی طرح آزاد منش ججز کے تبادلے کیے جائیں گے۔ اسد قیصر نے کہا کہ بار کونسلز اور وکلا تنظیمیں اس اقدام کے خلاف متحد ہو کر آواز بلند کریں۔

بقیہ 5

پر منہ توڑ جواب دینے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ منگل کو جاری بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک فوج کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا اور کہا کہ پاک فوج نے بروقت کارروائی کر کے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاک فوج کے بہادر سپوت ہمارا فخر ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج دشمن کی ہر جارحیت کا بھرپور جواب دینے کے تیار ہے۔

بقیہ 6

تعلقات اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ یورپی وفد کی قیادت یورپی کمیشن کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹرنیشنل پارٹنرشپس کے ڈائریکٹر ایشیا پیسفک، پیٹرس اسٹیس کر رہے تھے، وفد میں ڈائریکٹر انٹرنیشنل پارٹنرز، یورپین انویسٹمنٹ بینک تھوریا تریکی، ایڈیڈاز کے نائب صدر مینیول پاؤزر، ایندراتز کے نائب صدر کارل شلوگل باؤر، آسیکیا کے ریجنل ڈائریکٹر ڈائیٹر میلکے شامل تھے، وفد میں پاکستان میں تعینات یورپی یونین کے سفیر ریمنڈس کیروبلس بھی موجود تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یورپی یونین کے وفد کا پاکستان میں خیر مقدم کیا اور یورپی یونین پاکستان بزنس فورم میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا، انہوں نے یورپی یونین پاکستان بزنس فورم کے انعقاد کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ تقریب تجارتی تعلقات اور سرمایہ کاری کے فروغ کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ انہوں نے یورپی یونین کے وفد کو مشرق وسطیٰ کی صورتحال کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے سمیت علاقائی چیلنجوں کے باوجود معیشت کے استحکام کیلئے کام جاری رکھنے کیلئے حکومت پاکستان کے پختہ عزم کا یقین دلایا۔ اس سلسلے میں، وزیراعظم نے خاص طور پر یورپی یونین کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا، کے ساتھ اپنی دو حالیہ ٹیلی فونک روابط کا ذکر کیا جن میں علاقائی سلامتی کی صورتحال کے ساتھ ساتھ پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طریقوں پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا تھا۔ یورپی یونین کے وفد نے خطے میں امن کی کوششوں میں وزیراعظم کے قائدانہ کردار کو سراہتے ہوئے یورپی یونین پاکستان بزنس فورم کی میزبانی میں بھرپور تعاون کرنے پر حکومت کی تعریف کی۔ وفد کے اراکین نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے اپنے اپنے تجربے کے بارے میں بتایا اور کہا کہ یورپی یونین اور پاکستان کے درمیان توانائی، مواصلات، آئی ٹی وغیرہ سمیت مختلف شعبوں میں بزنس ٹو بزنس تعلقات کو مزید فروغ دینے کے قوی امکانات ہیں۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار، وزیر تجارت جام کمال خان، وزیر قانون، انصاف اور انسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے معاونین خصوصی سید طارق فاطمی اور ہارون اختر خان کے علاوہ سینئر حکومتی حکام بھی موجود تھے

بقیہ 7

خود کہا ہے کہ ان کا ملک اندر سے زوال پذیر ہے۔ صدر ٹرمپ کے بقول ایران نے یہ درخواست بھی کی ہے کہ امریکا آبنائے ہرمز کو جلد از جلد کھول دے کیونکہ وہ قیادت کی صورتحال کو سنبھالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ان کے خیال میں ایران اس صورتحال سے نکلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے بیان میں یہ نہیں بتایا کہ ان سے ایران کے کس حکام نے کب، کہاں اور کس طرح رابطہ کیا تھا اور اب امریکی صدر کیا حکمت عملی اپنائیں گے۔ تاحال ایرانی حکام کی جانب سے اس بیان پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا اور نہ ہی کسی بین الاقوامی ذریعے نے ٹرمپ کے اس دعوے کی تصدیق کی ہے

بقیہ 8

کیوں نہیں کی گئی۔ سماعت کے دوران اسسٹنٹ اٹارنی جنرل نے بتایا کہ ایک ریٹائرڈ جج کو ٹریبونل کا ممبر تعینات کیا جا چکا ہے، اس پر جسٹس محسن اختر کیانی نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریٹائرڈ ججز نے نظام کو زیادہ نقصان پہنچایا ہے اور انہیں ٹریبونلز میں جانے کا شوق ہوتا ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ اگر 18 مئی تک ممبر فنانس کی تقرری نہ کی گئی تو وزیرِ اعظم کو پیش ہو کر وجوہات بتانا ہوں گی۔

بقیہ 9

بڑی وجہ مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور خاص طور پر آبنائے ہرمز کی مکمل بحالی میں تاخیر ہے۔ تاہم سرمایہ کاروں اور تاجروں کا کہنا ہے کہ اب پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں پر ایران جنگ اور آبنائے ہرمز کی بندش سے زیادہ اثر زمینی حقائق یعنی تیل کی قلت ہے۔ اس حوالے سے تجربہ کار نیل ولسن کا کہنا ہے کہ مارکیٹ اب سفارتی بیانات کے بجائے اس بات پر نظر رکھے ہوئے ہے کہ سمندر میں تیل کی ترسیل کس حد تک متاثر ہو رہی ہے۔ دوسری جانب امریکی خام تیل (WTI) کی قیمت بھی تقریباً 100 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ عالمی توانائی مارکیٹ دباؤ کا شکار ہے۔ امریکا اور ایران کے درمیان تعطل کے شکار مذاکرات دوبارہ شروع نہ ہو سکے ہیں لیکن ان خدشات کے باعث عالمی اسٹاک مارکیٹس بھی غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں۔ امریکا میں نیسڈیک اور ایس اینڈ پی 500 کے فیوچرز میں کمی دیکھی گئی جبکہ یورپ میں معمولی بہتری اور ایشیا میں زیادہ تر مارکیٹس منفی رجحان پر بند ہوئیں۔ ادھر امریکا میں بھی پیٹرول کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ امریکی آٹوموبائل ایسوسی ایشن کے مطابق اوسط قیمت 6 سینٹ اضافے کے بعد 4.18 ڈالر فی گیلن تک پہنچ گئی ہے جو اگست 2022 کے بعد بلند ترین سطح ہے۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر صورتحال یہی رہی تو آئندہ ایک سے دو ہفتوں میں قیمتیں 4.30 ڈالر فی گیلن تک جا سکتی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق امریکا میں پیٹرول کے ذخائر بھی کم ہو رہے ہیں جو 250 ملین بیرل کی معمول کی سطح سے کم ہو کر 230 ملین بیرل سے نیچے آ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ امریکا مشرق وسطیٰ میں سپلائی میں کمی کو پورا کرنے کے لیے ریکارڈ مقدار میں تیل اور ریفائنڈ مصنوعات برآمد کر رہا ہے جس سے اندرون ملک قیمتوں پر مزید دباؤ پڑنے کا خدشہ ہے۔ خاص طور پر ریاست کیلیفورنیا میں پیٹرول کی اوسط قیمت تقریباً 6 ڈالر فی گیلن تک پہنچ چکی ہے جو عوام کے لیے ایک بڑا معاشی بوجھ بنتی جا رہی ہے۔

بقیہ 10

ہے، گیس کی سپلائی صرف 700 ملین کیوبک فٹ پر آ گئی ہے جو کہ ایران امریکا جنگ سے پہلے روزانہ 12 سو ملین کیوبک فٹ تھی۔ ذرائع سوئی ناردرن کے مطابق گیس کا شارٹ فال 600 ملین کیوبک فٹ سے تجاوز کر گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاور اور کھاد سیکٹر کو گیس کی فراہمی کم ترین سطح پر آ گئی ہے اور گھریلو صارفین کو بھی سپلائی کم کر دی گئی ہے۔ سوئی گیس حکام نے کہا کہ کھانے کے تینوں اوقات میں پوری گیس فراہم کی جا رہی ہے۔

بقیہ 11

منظوری کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان کیلئے توسیعی فنڈ سہولت پروگرام کے تحت تیسرے اقتصادی جائزے کی منظوری متوقع ہے۔ اجلاس میں موسمیاتی تبدیلی کے آر ایس ایف پروگرام کے دوسرے جائزے کی بھی منظوری دی جائے گی۔ پاکستان عالمی مالیاتی ادارے کی تمام شرائط پہلے ہی پوری کر چکا ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ 27 مارچ کو طے پایا تھا۔

بقیہ 12

ہوئے وزیر خزانہ نے بتایا کہ آئی ایم ایف کا وفد مئی کے وسط میں پاکستان آئے گا، نئے مالی سال کے بجٹ کیلئے مشاورت جاری ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سعودی عرب کے بعد دیگر دوست ممالک سے نئی فنانسنگ کے حصول کا ارادہ نہیں، حکومت کمرشل فنانسنگ کیلئے کوشاں ہے، پاکستان دو طرفہ کی بجائے کمرشل فنانسنگ کی طرف بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مئی میں 25 کروڑ ڈالرز مالیت کا پانڈا بانڈ جاری کیا جائے گا جس کیلئے اے ڈی بی اور ایشیائی انفرااسٹرکچر بینک نے گارنٹی دے دی، چینی حکام کے ساتھ بھی اس کے حوالے سے بات چیت آخری مرحلے میں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اگلے دو تین برسوں میں مزید یورو اور سکوک بانڈ جاری کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث انرجی انفرااسٹرکچر متاثر ہوا ہے، علاقائی کشیدگی کے باوجود پاکستان میں کھاد اور فوڈ سیکیورٹی کا کوئی ایشو نہیں ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ جنگ کے باوجود ترسیلات متاثر نہیں ہوئیں، یو اے ای سے ترسیلات زر پر منفی اثر نہیں پڑا۔

بقیہ 13

صدر مملکت کا استقبال سینئر پارٹی رہنما لی جیانگ اور ڈائریکٹر شاشان ایڈمنسٹریشن ژانگ شی ہوئی نے کیا۔ انہوں نے صدر کو چیئرمین ماؤزے تنگ کی زندگی اور جدوجہد سے آگاہ کیا اور شاشان میں ان کے ابتدائی دور اور ان عوامل پر روشنی ڈالی جنہوں نے ان کی سیاسی سوچ کو تشکیل دیا۔ صدر کو اس بات پر بھی بریفنگ دی گئی کہ اس طرح کے یادگاری ادارے تاریخی مواد کو محفوظ رکھنے اور چین کی انقلابی تاریخ سے متعلق عوامی آگاہی بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسٹیچو اسکوائر پر ہونے والی تقریب کے بعد صدر نے ماؤزے تنگ میموریل میوزیم کا دورہ کیا، جہاں انہیں عوامی جمہوریہ چین کے بانی رہنما کی زندگی، فکر اور سیاسی ورثے سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے تاریخی نوادرات، ریکارڈ اور تصاویر دیکھیں جن میں چین کی انقلابی تاریخ کے اہم مراحل کو پیش کیا گیا تھا۔ صدر آصف علی زرداری نے چیئرمین ماؤزے تنگ کے چین کی تاریخی تبدیلی میں کردار کو خراج تحسین پیش کیا اور عوامی جمہوریہ چین کی جدوجہد، اتحاد اور ترقی میں ان کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مقامات کا تحفظ جدید چین کی تشکیل میں کردار ادا کرنے والے عوامل کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے اور قومی ترقی میں تاریخی شعور کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ صدر کے ہمراہ دیگر کے علاوہ سینیٹر سلیم مانڈوی والا، سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن، علی حسن برڑو، وزیراعلیٰ سندھ کے معاونِ خصوصی برائے سرمایہ کاری و پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پراجیکٹس سید قاسم نوید قمر، چیف سیکرٹری سندھ، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ اور چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی بھی موجود تھے۔

بقیہ 14

مکمل کی جا چکی ہیں اور اقوام متحدہ ادارہ برائے اطفال (یونیسیف) لاہور کے لئے باقاعدہ سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی اور یونیسیف چیف فیلڈ آفیسر رمیز بہبودوف کی ملاقات میں کیا گیا۔ ملاقات میں سپیشل سیکرٹری داخلہ زینب خان، ایڈیشنل سیکرٹری عاصمہ اعجاز چیمہ، ڈی جی چائلڈ پروٹیکشن رانا ندیم اختر، چائلڈ پروٹیکشن آفیسر یونیسیف زاہدہ منظور اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ پنجاب بچوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے جامع چائلڈ پروٹیکشن پالیسی منظور کرنے والا پاکستان کا پہلا صوبہ ہے۔ خواتین اور بچوں کا تحفظ وزیراعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور بچوں پر تشدد، زیادتی اور استحصال کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ داخلہ بچوں کے تحفظ کے لئے ''گڈ ٹچ بیڈ ٹچ'' آگاہی مہم چلا رہا ہے۔ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے بتایا کہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو میں بچوں کو محفوظ شیلٹر، خوراک، تعلیم اور صحت کی سہولیات کیساتھ نفسیاتی اور قانونی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب میں 19 نئے چائلڈ پروٹیکشن یونٹس کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے جس سے انکی مجموعی تعداد 36 ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب بچوں کیلئے محفوظ اور باوقار معاشرے کے قیام کے لئے مصروف عمل ہے۔ یونیسیف چیف فیلڈ آفیسر رمیز بہبودوف نے اس موقع پر کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے بچوں اور خواتین کے تحفظ کیلئے مثالی اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کا زیورِ تعلیم منصوبہ تاریخی اہمیت کا حامل ہے جس سے بچیوں کی سکول انرولمنٹ میں اضافہ ہوا۔ انکا کہنا تھا کہ لاہور اور انکا شہر نخچیوان جڑواں شہر ہیں اور وہ لاہور آ کر دلی خوشی محسوس کر رہے ہیں۔ یاد رہے کہ لاہور کو خطے کا پہلا ''چائلڈ فرینڈلی سٹی'' قرار دینے کیلئے مئی کے پہلے ہفتے میں مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ہوں گے۔

بقیہ 15

میر صادق عمرانی کے گھر پر حالیہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے گی۔ منگل کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے واقعے کو بزدلانہ اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو جلد از جلد قانون کی گرفت میں لانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 16

ایچ آئی وی کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، جو کیس رپورٹ کیا جا رہا ہے وہ 2024 کا ہے، پاکستان میں ایچ آئی وی کے 84000 کیسز رجسٹرڈ ہیں، اس کی دوا صرف حکومت کے پاس سے ملتی ہے، 8 لاکھ ڈالر کی مچھر دانیاں پاکستان سے چوری ہوئیں، کسی کو سزا نہیں ہوئی،، ہیلتھ کیئر سسٹم کو سنجیدہ نہیں لیا تو بہت پیچھے رہ جائیں گے، ہم نے تیسری عالمی جنگ ہونے سے روکی ہے، 100 سال کی ڈپلومیسی میں بھی یہ کامیابی نہیں مل سکتی تھی۔ قومی ادارہ برائے صحت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ریاست چلانے والوں سے کام لے لیا ہے، ہمیں آج گرین پاسپورٹ پر کریڈٹ مل رہا ہے، 100 سال کی ڈپلومیسی سے بھی یہ کامیابی نہیں مل سکتی تھی، ہم نے تیسری جنگ عظیم روکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تونسہ میں اس سال ایچ آئی وی کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، جو کیس رپورٹ کیا جا رہا ہے وہ 2024 کا ہے جبکہ اسلام آباد میں ایچ آئی وی کا کوئی آؤٹ بریک نہیں ہوا، کل 618 کیسز ہیں، جن میں سے اسلام آباد سے 210 کیسز ہیں، اسلام آباد میں راولپنڈی، آزاد کشمیر، کے پی کے اور گلگت بلتستان سے لوگ آتے ہیں جن کی تعداد 408 ہے، ایچ آئی وی کے خطرات موجود ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ ایچ آئی وی کی روک تھام کیلئے گلوبل فنڈ امداد کرتا ہے، 2024 سے 2026 کیلئے فنڈ 65 ملین ڈالر تھا، جس کی میعاد جون 2026 میں ختم ہو جائے گی، 65 ملین ڈالر میں سے حکومت کو 9.03 ملین ڈالر کو دیئے گئے، 1.61 ملین ڈالر کی ہم باز پرس نہیں کر سکتے کیونکہ یہ این جی اوز کے پاس ہے، باقی رقم نئی زندگی اور یو این ڈی پی کو دی گئی ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے بتایا کہ 2020 تک پورے ملک میں 49 اے آر ٹی سینٹرز تھے، ان میں 37000 لوگوں کی اسکریننگ ہوئی جن میں سے 6910 کیسز مثبت آئے، 2025 میں اے آر ٹی سینٹرز کی تعداد 97 ہو گئی، ان سینٹرز میں 3741261 ٹیسٹ ہوئے، 14182 کیسز مثبت آئے، کیسز میں کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے، پاکستان میں ایچ آئی وی کے 84000 کیسز رجسٹرڈ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 61 ہزار لوگوں کا علاج جاری ہے اور 24 ہزار مریض لاپتا ہیں، ایچ آئی وی کی دوا صرف حکومت کے پاس سے ملتی ہے، ایچ آئی وی لاعلاج مرض نہیں، جو علاج کروا رہا ہو اس سے بیماری پھیلتی نہیں ہے، ایسے مریض کو زندگی بھر دوا لینا پڑتی ہے، اب ایسی دوا آ رہی ہے جس کی سال یا 6 ماہ میں ایک ڈوز لینی ہوگی۔ مصطفیٰ کمال کے مطابق 8 لاکھ ڈالر کی مچھر دانیاں پاکستان سے چوری ہوئیں، کسی کو سزا نہیں ہوئی، ہم اپنی کوتاہیوں کو چھپائیں گے نہیں، ہیلتھ کیئر سسٹم کو سنجیدہ نہیں لیا تو بہت پیچھے رہ جائیں گے، میرے پاس قابل ٹیم ہے، ہم نے بڑی ریفارمز کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں پہلے 3 سی سی کی سرنج پر پابندی عائد کی گئی، اب 10 سی سی کی سرنج پر بھی پابندی لگانے جا رہے ہیں، 10 سی سی پر پابندی کی ڈریپ سے منظوری ہو گئی ہے، اب کابینہ پاس کرے گی، ایچ آئی وی کے 89 اسکریننگ سینٹرز ہیں، اسے 106 کرنے جا رہے ہیں۔

بقیہ 17

لیے میکینیفیسنٹ پنجاب ٹورازم اینڈ انویسٹمنٹ ایکسپو 2026 کا شاندار انعقاد کیا گیا۔ ایکسپو کے دوران میکینیفیسنٹ پنجاب کے تحت کامران کی بارہ دری، کوٹلی ستیاں، میکینیفیسنٹ پنجاب ایپ، پنجاب ٹورازم کافی ٹیبل بک، ٹی ڈی سی پی چیوڑا ریزورٹ کوٹلی ستیاں، ہڑی ہاس پتریاٹہ، واٹر سپورٹس کلر کہار، دھرابی لیک، پنجاب ٹورازم فورس، ملتان میوزیم، سیالکوٹ میوزیم اور سیاحتی مقامات کو عوام کے لیے کھولنے کی باضابطہ لانچنگ بھی کی گئی۔ تقریب میں سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، وزیر تعلیم سکندر حیات، وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر، وزیر سی اینڈ ڈبلیو صہیب احمد بھرت، وزیر آبپاشی محمد قاظم علی پیرزادہ، وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی، وزیراعلیٰ کے مشیر علی مصطفیٰ ڈار اور چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان نے خصوصی شرکت کی۔ ایکسپو میں ڈومیسٹک، نیشنل اور انٹرنیشنل سیاحت، مذہبی سیاحت، ایکوٹورازم، کلچرل و نیچرل ٹورازم، ثقافت، آثارِ قدیمہ، ہیریٹیج ٹورازم، ہینڈی کرافٹس، ہوٹلنگ، وائلڈ لائف اور پنجاب آرکیالوجی کے شعبوں کو منفرد اور دلکش انداز میں پیش کیا گیا۔ پنجاب کے ثقافتی رنگوں کو روایتی پرفارمنسز کے ذریعے بھرپور انداز میں اجاگر کیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ پاکستان کی پہلی ٹورازم ٹریل پر مبنی جامع ایکسپو ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دو سال قبل یہ سیاحتی مقامات خستہ حالی کا شکار تھے، تاہم وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت سیاحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹورازم سیکٹر کو مکمل طور پر فعال بنانے کے لیے 78 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ ٹورازم کے لیے 170 سائٹس پر بحالی، تحفظ اور ترقی کا کام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے میکینیفیسنٹ پنجاب ایپ کو ڈاؤن لوڈ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایپ مستقبل میں مکمل ٹورازم ایکو سسٹم فراہم کرے گی، جس میں انفرااسٹرکچر، تاریخی مقامات، وائلڈ لائف اور ایکوٹورازم، کلچر، مذہب، اثارقدیمہ کو یکجا کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ای سی او کی جانب سے لاہور کو 2027ء کے لئے ٹورازم کیپیٹل بھی قرار دیا جا چکا ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ چھانگا مانگا، بانسرا گلی اور جلو جیسے مقامات پر سیاحت کو جدید سہولیات کے ساتھ فروغ دیا جا رہا ہے جبکہ ان سائٹس کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلایا جائے گا اور مکمل سیکیورٹی فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب ٹورازم اتھارٹی کے قیام کا مقصد سیاحت کی بحالی اور تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز شریف پاکستان کے ٹورازم کو عالمی سطح پر بطور اکانومی لیجانا چاہتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کلر کہار، درابی اور تھیکی جیسے مقامات کو ترقی دی جا رہی ہے جبکہ ہڑپہ اور ٹیکسلا کو ہیریٹیج سٹی قرار دیا گیا ہے۔ آئندہ تین برسوں میں سیاحت کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات اور تبدیلیاں متعارف کرائی جائیں گی۔ دسمبر 2026 تک 170 میں سے 60 سیاحتی مقامات کو مکمل فعال کیا جائے گا جبکہ جون تک 38 سائٹس تیار ہو جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کو عالمی سیاحت کے مرکزی دھارے میں شامل کرنا حکومت کا ہدف ہے اور فلم سٹی اور اسکرین ٹورازم جیسے منصوبوں پر بھی کام جاری ہے۔ مری میں سیاحتی مقامات کی ترقی و بحالی پر کام جاری ہے اور لاہور ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت نیلا گنبد سمیت مختلف تاریخی مقامات کو ٹریلز کے ساتھ اپ گریڈ کیا جا رہا ہے۔ سیکرٹری سیاحت سقراط امان رانا نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ صوبے بھر میں 70 ریزورٹس اور 5 میوزیز پر کام جاری ہے جبکہ 17 ریزورٹس کو اپ گریڈ کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میکینیفیسنٹ پنجاب ڈیش بورڈ کے ذریعے تمام منصوبوں کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ مزید برآں 170 سیاحتی مقامات پر مذہبی، ایکو، کلچرل، تاریخی اور وائلڈ لائف ٹورازم کی سات مختلف کیٹیگریز کے تحت ترقیاتی کام جاری ہیں۔ پنجاب ہیریٹیج ٹورازم اتھارٹی اور ٹورازم فورس کا قیام بھی عمل میں لایا جا چکا ہے۔ ایکسپو میں ٹیکسلا، ہڑپہ، موج گڑھ، دراوڑ فورٹ، لاہور میوزیم، سیالکوٹ میوزیم، چیوڑا، کوٹلی ستیاں، کلر کہار، جلو، چھانگا مانگا اور کوٹ ادو سمیت متعدد سیاحتی مقامات کی ترقیاتی سرگرمیوں کو اجاگر کیا گیا۔ واٹر ٹورازم اور ریزورٹس اپ گریڈیشن پر 28 ارب روپے خرچ کیے جا رہے ہیں۔ ایکسپو میں آثارِ قدیمہ کے نوادرات، شمالی علاقہ جات اور دیگر خطوں کی سیاحت، ہینڈی کرافٹس، تعلیمی و تحقیقی اداروں کی شرکت، انٹرنیشنل و نیشنل ٹورازم کمپنیز، یونیورسٹی طلبا و طالبات اور پوتھ پنجاب کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیاحت کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع بھی متعارف کروائے گئے۔ میکینیفیسنٹ پنجاب ٹورازم اینڈ انویسٹمنٹ ایکسپو 2026ء نے نہ صرف پنجاب کے سیاحتی مقامات کو اجاگر کیا بلکہ صوبے کو عالمی سطح پر ایک اہم سیاحتی مرکز کے طور پر متعارف کرانے

پاکستان میں مذاکرات کے نئے دور میں پیشرفت کی امید ہے، ترک وزیر خارجہ

مذاکرات کی حوصلہ افزائی کر رہے، ایران، امریکا جوہری مذاکرات میں اہم رکاوٹیں جلد دور ہوسکتی ہیں، حاکان فیدان

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاکان فیدان نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایران امریکا مذاکرات کے نئے دور میں پیش رفت کی امید ہے، ترکیہ مذاکرات کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے، ایران اور امریکا کے درمیان جوہری مذاکرات میں اہم رکاوٹیں جلد دور ہوسکتی ہیں، مذاکرات کا نیا دور پاکستان میں شروع ہونے جا رہا ہے جہاں پیش رفت کی امید ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جوہری معاملے میں ایک یا دو اہم نکات حل ہونے کے قریب ہیں، جنگ بندی میں توسیع کو مثبت پیش رفت لیکن حتمی معاہدے کے لیے کافی نہیں۔ ترک وزیر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی صورتحال بھی مذاکرات سے جڑی ہوئی ہے، کامیاب معاہدے کی صورت میں آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت بحال کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارودی سرنگوں کی صفائی کے لیے بین الاقوامی تعاون قائم کیا جا سکتا ہے، کسی نئی جنگی صورتحال میں ترکیے غیر جانبدار رہنے کی پالیسی اپنائے گا۔

دورے میں ایرانی اور امریکی حکام کے درمیان کوئی ملاقات طے نہیں، اسماعیل بقائی

پاکستانی حکام سے ملاقاتوں میں ایرانی وفد اپنے مشاہدات پاکستان کو فراہم کرے گا، ترجمان وزارت خارجہ

تہران/اسلام آباد (این این آئی) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے دورے میں ایران اور امریکا کے حکام کے درمیان کوئی میٹنگ طے نہیں ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ میں پبلک ڈپلومیسی سینٹر کے سربراہ اور ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ وہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے ساتھ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی حکام سے ملاقاتوں میں ایرانی وفد اپنے مشاہدات پاکستان کو فراہم کرے گا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکا کی مسلط کردہ جارحانہ جنگ کے خاتمے اور خطے میں امن کی بحالی سے متعلق امور پر بات ہوگی۔ ترجمان ایرانی وزارتِ خارجہ نے کہا کہ اس دورے میں پاکستان کے اعلیٰ حکام سے ملاقات ہوگی جس میں پاکستان کی جانب سے جاری ثالثی سے متعلق امور پر گفتگو ہوگی۔

پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں پاکستان کے ملوث ہونے کا حکومت کے پاس کوئی ثبوت نہیں، گوپال سنگھ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی سکھ رہنما گوپال سنگھ نے کہا ہے کہ پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں پاکستان کے ملوث ہونے کا حکومت کے پاس کوئی ثبوت نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں بھارتی سکھ رہنما گوپال سنگھ نے کہا کہ بھارتی خفیہ ایجنسیاں کیوں ناکام رہیں؟ گوپال سنگھ نے کہا کہ بھارت نے یہ ڈرامہ صرف پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کے لیے کیا ہے

لاہور: پاکستان ریلوے کی جانب سے جدیدیت کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے قائم کردہ ڈیجیٹل سنٹرل کنٹرول آفس۔

وزیراعظم و وزیراعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی

اخراجات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اسمبلی سیکرٹریٹ نے 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کردی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم و وزیر اعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی، اسپیکر ملک محمد احمد خاں کی ہدایت پر اخراجات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی۔ تفصیلات کے مطابق اسپیکر ملک محمد احمد خاں پہلے ہی اپنی تنخواہ اور تمام سرکاری مراعات نہ لینے کا اعلان کر چکے ہیں، سرکاری پروٹوکول میں سادگی، سپیکر ملک محمد احمد خاں ذاتی گاڑیوں کے استعمال کو ترجیح دے رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ارکان پنجاب اسمبلی کی تنخواہوں سے کفایت شعاری مہم کے تحت کٹوتی کی گئی۔ گریڈ 20 سے اوپر کے افسران کی تنخواہوں سے دو روزہ تنخواہ کی کٹوتی کی گئی، سرکاری گاڑیوں کے پٹرول اخراجات میں 50 فیصد کمی کی گئی، کفایت شعاری مہم سے پنجاب اسمبلی میں بجلی کے استعمال میں نمایاں کمی آئی، دو ماہ میں ایک لاکھ 11 ہزار سے زائد بجلی یونٹس کی بچت، کفایت شعاری اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آئے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں متفرق درخواست جوڈیشل ایکٹوازم پینل نے دائر کی، درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ رات کی تاریکی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمت 26.77 روپے بڑھا دی گئی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ملک میں مہنگائی ہوگی۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو کالعدم قرار دے۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے عادی افراد کی موٹر سائیکلیں بند کرنے کا فیصلہ

حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنائیں تاکہ شہر میں ٹریفک کا نظام بہتر بنایا جاسکے۔

لاہور (این این آئی) شہر میں ٹریفک نظام کو بہتر بنانے اور سڑکوں پر نظم و ضبط قائم کرنے کیلئے ٹریفک پولیس نے اہم فیصلہ کرلیا ہے، جس کے تحت ٹریفک قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ٹریفک پولیس حکام کے مطابق پیر سے ایسے افراد کی موٹر سائیکلیں بند کردی جائیں گی جو بار بار ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد شہریوں میں قانون کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ مختلف علاقوں میں لین لائن ڈسپلن کو فروغ دینے کیلئے آگاہی کیمپس بھی لگائے گئے ہیں تاکہ شہریوں کو ٹریفک قوانین سے آگاہ کیا جا سکے۔ مزید برآں سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ٹریفک خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی جائے گی، جبکہ ای سمارٹ ویز بھی سڑکوں پر گشت کریں گی تاکہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو فوری طور پر پکڑا جاسکے۔

کراچی؛ لیاری میں 70 دن میں 7 منزلہ عمارت تعمیر، ایس بی سی اے کو نوٹس جاری

کراچی (این این آئی) لیاری کے علاقے میں غیر قانونی طور پر 70 دن میں 7 منزلہ عمارت تعمیر کرنے کے معاملے پر عدالت نے ایس بی سی اے کو نوٹس جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق شہری زاہد حسین کی جانب سے لیاری میں غیر قانونی عمارت کی تعمیرات کے خلاف درخواست پر عدالت نے ایس بی سی اے حکام سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کردیے۔ عدالت نے فریقین سے 26 اگست کو جواب طلب کرلیا۔ درخواست میں سندھ حکومت، ایس بی سی اے، اینٹی انکروچمنٹ اور لینڈ ڈپارٹمنٹ کو فریق بنایا گیا ہے۔

لاہور، سفاک ماں کے ہاتھوں 3 بچوں کا قتل، واقعے کی تفتیش سی سی ڈی کے حوالے

سی سی ڈی اس کیس کو ماڈل کیس کے طور پر دیکھ رہی ہے، تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں

لاہور (این این آئی) اچھرہ کے علاقے میں سفاک ماں کے ہاتھوں تین بچوں کے قتل کے افسوسناک واقعے کی تفتیش کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کے حوالے کر دی گئی۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق سی سی ڈی اس کیس کو ماڈل کیس کے طور پر دیکھ رہی ہے اور تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں سی سی ڈی کی ٹیم جھنگ گئی، جہاں سے ملزمہ کے مبینہ دوست شہریار کو شاملِ تفتیش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزمہ اور شہریار کے درمیان قریبی تعلق تھا اور دونوں شادی کے خواہشمند تھے تاہم یہ ابھی واضح نہیں کہ شہریار کو بچوں کے قتل کے بارے میں پہلے سے علم تھا یا نہیں۔ اس حوالے سے مزید حقائق تفتیش مکمل ہونے کے بعد سامنے آئیں گے۔ حکام کے مطابق کیس کی حساس نوعیت کے پیش نظر ہر پہلو کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ واقعے کی اصل وجوہات اور ممکنہ سہولت کاروں کا تعین کیا جاسکے۔

نیٹی جیٹی کے قریب سمندر سے ایک شخص کی چند روز پرانی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) نیٹی جیٹی لالا زار کے قریب سمندر سے ایک شخص کی چند روز پرانی ڈوبی ہوئی لاش ملی جو نا قابل شناخت ہے۔ ڈاکس تھانے کی حدود نیٹی جیٹی لالا زار کے قریب سمندر میں لاش کی موجودگی کی اطلاع پر ایدھی بحری خدمات کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور چند گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد سمندر سے ایک شخص کی لاش نکال لی۔ ترجمان ایدھی کے مطابق لاش دو سے تین روز پرانی ہے جس کی عمر تقریباً 30 سے 35 برس کے درمیان کی لگتی ہے۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش قانونی کارروائی کے لیے ڈاکس تھانے لے جائی گئی۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام دشمن، واپس لیا جائے' جاوید قصوری

ہر روز نئے ٹیکسز اور قیمتوں میں اضافہ، عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر رہا ہے' امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کی ممبر سازی مہم کا آغاز ہوگیا ہے، یہ مہم آج سے پورے پنجاب سمیت ملک بھر میں شروع کی جا رہی ہے، اس مہم کا مقصد جماعت اسلامی کے پیغام کو ہر گلی، محلے اور ہر گھر کی دہلیز تک پہنچانا ہے، کارکنان اور ذمہ داران بھرپور انداز میں اس مہم کو کامیاب بنائیں اور عوام کو موجودہ حالات سے آگاہ کریں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ عوام موجودہ حکمرانوں سے مکمل طور پر مایوس ہو چکے ہیں اور ملک کو ایک دیانتدار، باصلاحیت اور عوام دوست قیادت کی ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی ہی واحد جماعت ہے جو ملک کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے اور عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرسکتی ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو خصوصی طور پر مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ آگے بڑھیں اور جماعت اسلامی کا ساتھ دیں تاکہ ایک روشن، خوشحال اور انصاف پر مبنی پاکستان کی بنیاد رکھی جاسکے۔ وقت آگیا ہے کہ قوم متحد ہو کر ظلم و ناانصافی کے نظام کے خلاف آواز بلند کرے اور مثبت تبدیلی کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

سندھ حکومت صوبے سے ملیریا کے مکمل خاتمے کے لیے عزم، وزیراعلیٰ سندھ

ملیریا ایک قابلِ علاج مرض ہے اور احتیاطی تدابیر سے قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں عالمی یوم ملیریا پر پیغام

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یومِ ملیریا کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ملیریا ایک قابلِ علاج مرض ہے اور احتیاطی تدابیر، بروقت تشخیص اور فوری علاج کے ذریعے قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملیریا کو صرف عام بخار سمجھنا بڑی غلطی ہے کیونکہ غفلت برتنے کی صورت میں یہ مرض جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ عالمی یومِ ملیریا منانے کا مقصد اس خطرناک بیماری کے خلاف عوامی شعور بیدار کرنا، احتیاطی تدابیر سے آگاہی دینا اور اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت صوبے سے ملیریا کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں محکمہ صحت سمیت تمام متعلقہ اداروں کو متحرک کیا جارہا ہے۔

پاکستان کا جائز حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو بدنام کرنے کے لیے گمراہ کن معلومات کے استعمال پر انتباہ

پاکستان ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے غلط استعمال پر گہری تشویش رکھتا ہے، جہاں جھوٹے بیانیوں کو فروغ دیا جاتا ہے

نیویارک (شیراز حسین) پاکستان نے غیر ملکی قبضے اور تنازعات کی صورتحال میں غلط معلومات اور گمراہ کن بیانیوں کے استعمال کو نہایت تشویشناک قرار دیا ہے۔ پاکستان کا کہنا ہے کہ جھوٹے بیانیے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو چھپانے، جائز حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو بدنام کرنے، اور متاثرہ آبادیوں کی آواز دبانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ کمیٹی برائے اطلاعات کے 48ویں اجلاس میں قومی بیان دیتے ہوئے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب سفیر عثمان جدون نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے غلط استعمال پر گہری تشویش رکھتا ہے، جہاں جھوٹے بیانیوں کو فروغ دیا جاتا ہے، معاشرتی تقسیم کو بڑھایا جاتا ہے، اور کمزور طبقات کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل دنیا میں نفرت انگیز تقاریر، نسل پرستی، بیگانہ دشمنی اور اسلاموفوبیا کا تسلسل خاص طور پر باعثِ تشویش ہے، جو اکثر حقیقی دنیا میں نقصان کا سبب بنتا ہے۔ سفیر جدون نے عالمی معلوماتی نظام میں گہری تبدیلیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ تکنیکی ترقی نے معلومات تک رسائی کو وسعت دی ہے، تاہم اس نے غلط معلومات، گمراہ کن اطلاعات اور نفرت انگیز مواد کے پھیلاؤ کو بھی بے مثال رفتار دی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ یہ رجحانات عوامی اعتماد، سماجی ہم آہنگی اور اقوامِ متحدہ سمیت کثیر الجہتی اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ دور میں، جب جغرافیائی سیاسی کشیدگی، تقسیم اور بڑھتی ہوئی عدم مساوات کا سامنا ہے، بروقت، درست اور غیر جانبدارانہ معلومات کی فراہمی نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ معلومات کو مکالمے اور تعاون کا ذریعہ ہونا چاہیے، نہ کہ اسے ہیرا پھیری، تقسیم یا جبر کے لیے استعمال کیا جائے۔ ابھرتے ہوئے تکنیکی چیلنجز پر بات کرتے ہوئے، سفیر جدون نے مصنوعی ذہانت اور جنریٹو ٹیکنالوجیز کے بڑھتے ہوئے اثرات کو اجاگر کیا، اور کہا کہ اگرچہ ان میں ترقی اور ابلاغ کو فروغ دینے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے، لیکن ان کا غلط استعمال معلوماتی سالمیت کے لیے سنگین خطرات پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ اس حوالے سے عالمی رد عمل جامع اور متوازن ہونا چاہیے۔ اہم ترجیحات بیان کرتے ہوئے، انہوں نے معلوماتی سالمیت سے متعلق عالمی فریم ورک کی تشکیل میں ثقافتی، قانونی اور سماجی تنوع کے احترام پر زور دیا اور خبردار کیا کہ ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جو منتخب یا غیر متناسب انداز میں لاگو ہوتے نظر آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ازسرِ نو تشکیل شدہ محکمۂ عالمی ابلاغ (DGC) کو اقوامِ متحدہ کے تزویراتی ابلاغ میں اپنے مرکزی رابطہ کار کے کردار کو مزید مضبوط بنانا چاہیے تاکہ نظام میں ہم آہنگی، اعتبار اور رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔ نائب مستقل مندوب نے جامع ابلاغ کے لیے کثیر لسانیت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا اور مختلف زبانوں اور خطوں میں مواد کو وسعت دینے کی کوششوں کی حمایت کی۔ مزید برآں، انہوں نے بڑی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ساتھ زیادہ منظم روابط پر زور دیا، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ عالمی معلوماتی بہاؤ پر ان کا نمایاں اثر ہے اور اقوام متحدہ اس حوالے سے مکالمے اور تعاون کے فروغ کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرسکتا ہے۔ ایسے وقت میں جب بین الاقوامی اداروں پر اعتماد دباؤ کا شکار ہے، سفیر جدون نے زور دیا کہ اقوام متحدہ کو تصدیق شدہ اور متوازن معلومات کے ایک قابلِ اعتماد ذریعہ کے طور پر اپنی حیثیت کو مزید مستحکم کرنا چاہیے، جبکہ DGC اس ضمن میں تنظیم کے کام کے ٹھوس اثرات کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے۔ اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ پاکستان محکمۂ عالمی ابلاغ اور تمام رکن ممالک کے ساتھ مل کر ایک ایسا معلوماتی ماحول فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے جو سچائی، شمولیت اور انسانی وقار کے احترام پر مبنی ہو۔

نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان دفتر آنے والے سائلین کے مسائل سن رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ سندھ کی ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر تمام ویٹرنری پیشہ ور افراد کو مبارکباد

لائیو اسٹاک سیکٹر کا صوبائی معیشت اور جی ڈی پی میں حصہ بڑھانے کے لیے جدید بریڈنگ پالیسی نافذ کی جارہی ہے، سید مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر تمام ویٹرنری پیشہ ور افراد، ڈاکٹرز، ماہرین حیوانات اور لائیو اسٹاک شعبے سے وابستہ افراد کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ویٹرنری ڈاکٹرز "ون ہیلتھ" وژن کے تحت انسانی اور حیوانی صحت کے درمیان ایک مضبوط پل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ سندھ حکومت سندھ انسٹیٹیوٹ آف اینیمل ہیلتھ کے ذریعے ویکسین کی تیاری میں خود کفالت کی جانب تیزی سے گامزن ہے تاکہ جانوروں کی بیماریوں کی روک تھام مثر انداز میں کی جا سکے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ لائیو اسٹاک سیکٹر کا صوبائی معیشت اور جی ڈی پی میں حصہ بڑھانے کے لیے جدید بریڈنگ پالیسی نافذ کی جارہی ہے، جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں جانوروں کی نسلوں کا تحفظ وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی مقامی نسلوں کا جینیاتی تحفظ ہماری ثقافتی، زرعی اور معاشی بقا کا ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سرکاری لائیو اسٹاک فارمز کو ماڈل فارمز میں تبدیل کیا جارہا ہے

ورلڈ ویٹرنری ڈے: محمد علی ملکانی کا ویٹرنری ڈاکٹرز کو خراجِ تحسین

جانوروں کی صحت، خوراک کے معیار اور زونوٹک بیماریوں کے خلاف ویٹرنری ماہرین کا کردار کلیدی قرار

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و فشریز سندھ محمد علی ملکانی نے ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں دنیا بھر اور بالخصوص سندھ کے ویٹرنری ڈاکٹرز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جانوروں کی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے ویٹرنری ماہرین کا کردار نہایت اہم ہے، جو فارم سے دسترخوان تک خوراک کے معیار اور حفاظت کو یقینی بناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت لائیو اسٹاک کے شعبے کو جدید سائنسی خطوط پر استوار کررہی ہے اور پری مون سون ویکسینیشن مہم کے ذریعے جانوروں کو موسمی بیماریوں سے بچایا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ روک تھام علاج سے بہتر ہے کے اصول کے تحت ویکسینیشن مہم کو پورے صوبے تک پھیلا دیا گیا ہے۔ محمد علی ملکانی نے کہا کہ لائیو اسٹاک کا شعبہ دیہی معیشت کے استحکام اور غربت کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ حکومت چھوٹے کسانوں کو آسان قرضے اور جدید طبی سہولیات فراہم کررہی ہے جبکہ مستحق خاندانوں، بیواں اور یتیموں کو دودھ دینے والے جانور فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ویٹرنری ڈاکٹرز زونوٹک بیماریوں کے خلاف پہلی دفاعی لائن ہیں اور جانوروں کی صحت انسانی صحت اور ماحول سے براہِ راست جڑی ہوئی ہے۔

کراچی: گورنر سید محمد زمان ہاشمی سے پنجاب کے وزیر قانون رانا شہزاد اقبال خان ملاقات کررہے ہیں۔

کراچی: چھٹی نیشنل ایجوکیشن سمٹ 2026، اے آئی اور جنریشن الفا پر مکالمہ

مصنوعی ذہانت سہولت ہے، انسان کا متبادل نہیں بن سکتی: سردار علی شاہ کا سمٹ سے خطاب

کراچی (این این آئی) انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کراچی میں چھٹی نیشنل ایجوکیشن سمٹ 2026 کا انعقاد پاکستان اکیڈمک کنسورشیم اور ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن اینڈ رجسٹریشن آف پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز کے تعاون سے کیا گیا، جس میں وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ سمٹ میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس، جنریشن الفا، اسٹوڈنٹ لیڈرشپ اور جدید تعلیمی تقاضوں پر مختلف سیشنز منعقد ہوئے۔ ماہرین تعلیم نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ دور میں طلبہ کو صرف معلومات نہیں بلکہ تخلیقی صلاحیتوں، قیادت اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنا ہوگا۔ تقریب میں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد علی عباسی سمیت مختلف تعلیمی اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی اور جدید چیلنجز، انسانی کردار اور اے آئی کے اثرات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے نیشنل ایجوکیشن سمٹ 2026 کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت تیزی سے ہماری سوچ اور طرزِ فکر کو متاثر کررہی ہے، اس لیے ہمیں سنجیدگی سے سوچنا ہوگا کہ آنے والی نسلوں کو کیا دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی سہولت فراہم کرسکتی ہے مگر انسانی شعور، جذبات اور تخلیقی صلاحیتوں کا متبادل نہیں بن سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بچوں کو فطرت، زمین اور حقیقی زندگی کے تجربات سے نہ جوڑا گیا تو وہ صرف اسکرینز تک محدود ہو

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مسترد، مہنگائی کیخلاف بہت جلد تحریک شروع کریں گے' جے یو آئی

نئی قیمتیں عالمی منڈی کے برعکس حکمرانوں کی عیاشیوں کو پورا کرنے کے لئے مقرر کی گئیں، عوام پر مزید بوجھ نا قابل قبول ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نے پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئی قیمتیں عالمی منڈی کے برعکس حکمرانوں کی عیاشیوں کو پورا کرنے کے لئے مقرر کی گئی ہیں، مہنگائی کے ستائے عوام پر مزید بوجھ نا قابلِ قبول ہے۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے سے ہر چیز مہنگی ہوگی، غریب کو کچلا جارہا ہے، اشیائے خورد و نوش، ٹرانسپورٹ اور روزمرہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے، ہر فیصلہ عوام دشمن، حکمران اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں، غریب آدمی دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان، حکومت بے حس بنی بیٹھی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا گیا کہ پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لیا جائے، عوام کو حقیقی ریلیف نہ دیا گیا تو شدید عوامی ردعمل آئے گا۔ مہنگائی کے خلاف بہت جلد تحریک شروع کریں گے۔

شجاع آباد' ایک ہی خاندان کے 9 نوجوانوں کی اپنی ہی 9 کزنز سے اجتماعی شادی، ویڈیو وائرل

ایک ہی چھت تلے 9 باراتیں اور پھر ایک ہی دن ولیمہ منعقد کیا، شادی کی تقریب سنتِ نبوی کے مطابق سادگی سے ہوئی

شجاع آباد (این این آئی) ایک ہی خاندان کے 9 نوجوان اپنی ہی 9 کزن کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے، شادی کی تقریب سنت نبوی ﷺ کے مطابق سادگی سے ہوئی جس میں نوجوانوں نے جہیز لینے سے بھی انکار کیا۔ اجتماعی شادی کی تقریب سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، صارفین نے نوجوانوں کو "ہیرو" قرار دیدیا کیونکہ ایسی نظیر عصر حاضر میں نہیں ملتی۔ محمد کاشف، محمد عاصم، محمد امین، محمد نعیم، محمد نوید، محمد راشد، محمد بلال، محمد شہباز، محمد علی نے مشاورت سے یہ فیصلہ کیا کہ وہ لڑکی والوں پر کسی قسم کا مالی بوجھ نہیں ڈالیں گے، ایک ہی چھت تلے 9 باراتیں اور پھر ایک ہی دن ولیمہ منعقد کیا۔ ایک ہی خاندان کے 9 دولہوں کو دیکھ کر جہاں باراتیوں کا جوش و خروش دیدنی تھا، وہاں سادگی کے اس منظر نے ہر آنکھ کو متاثر کیا۔ جوڑوں کے والدین اور رشتہ داروں نے کہا کہ ہمارا مقصد ریکارڈ بنانا نہیں بلکہ معاشرے کو یہ بتانا ہے کہ اگر ہم اپنی بچیوں اور بچوں کی شادیوں کو آسان بنا دیں، تو کوئی بھی بیٹی اپنے گھر میں نہیں بیٹھی رہے گی۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ سنہری حروف سے لکھی جانے والی یہ شادی ایک تحریک ہے جو بیٹے بیٹیوں والوں کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگی۔

کراچی: بلدیہ عظمیٰ کی بلڈنگ کی تزین آرائش کا کام کیا جارہا ہے۔

ایڈوکیٹ علی وزیر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مورو سندھ ایک اہم ملاقات میں شرکت کی

اس ملاقات میں پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر، ایڈوکیٹ غلام مصطفیٰ چوہان اور ایاز علی ڈیپر بھی شریک تھے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) انصاف لائرس فورم ILF خیبر پختونخواہ کے صدر اور خیبر پختونخواہ بار کاؤنسل کے رکن ایڈوکیٹ علی وزیر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مورو سندھ ایک اہم ملاقات میں شرکت کی، جو الامین ریسٹورینٹ مورو میں منعقد ہوئی۔ اس ملاقات میں پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر، ایڈوکیٹ غلام مصطفیٰ چوہان اور ایاز علی ڈیپر بھی شریک تھے۔ ملاقات کے دوران باہمی امور، تنظیمی معاملات اور وکلاء برادری کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ انصاف لائرس فورم ILF کو مزید فعال بنانے، وکلاء کے حقوق کے تحفظ اور قانونی شعبے میں اصلاحات کے لیے مشترکہ حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ اس موقع پر دونوں صوبوں، صوبہ سندھ اور صوبہ خیبر پختونخواہ کے عہدیداران نے باہمی روابط کو مضبوط بنانے اور مستقبل میں بھی اس طرح کی ملاقاتوں کے تسلسل پر اتفاق کیا۔ یہ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جس میں وکلاء برادری کے اتحاد اور پیشہ ورانہ تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

خیبر پختونخوا پولیس کی سال رواں کے پہلے تین مہینوں کی کارکردگی رپورٹ

کامیاب کارروائیوں کے دوران سی ٹی ڈی نے 3 8 2 دہشت گرد گرفتار کئے

(تحریر محمد خالق اور کزئی) خیبر پختونخوا پولیس کی تین مہینے کی کارکردگی رپورٹ۔ پچھلے تین ماہ کے دوران محکمہ انسداد دہشتگردی خیبر پختونخواہ کی جانب سے فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کیخلاف 1087 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے۔ کامیاب کارروائیوں کے دوران سی ٹی ڈی نے 283 دہشت گرد گرفتار کئے جبکہ 108 دہشت گرد اور اشتہاری ملزمان مارے گئے۔ فتنہ الخوارج کے گرفتار دہشت گردوں میں 3 انتہائی اہم کمانڈرز اور ایک خودکش حملہ آور خاتون بھی شامل ہیں۔ پولیس پر 194 دہشت گرد حملے ہوئے جن میں 106 حملوں کو بہترین حکمت عملی و فورٹیفیکیشن اور جدید گیڈجٹس کے ذریعے پسپا کیا گیا۔ پچھلے تین ماہ کے دوران سی ٹی ڈی نے صوبہ بھر میں کی گئی مختلف کارروائیوں میں 24 ایس ایم جیز، 55 ہینڈ گرینیڈز، 21 پستول، 1 خودکش جیکٹ، 1700 کلوگرام سے زائد بارود و دیگر دھماکہ خیز مواد اور سینکڑوں کی تعداد میں مختلف بور کے کارتوس برآمد کیے۔ پچھلے تین ماہ فرائض کی ادائیگی کے دوران 59 پولیس افسران نے جام شہادت نوش کیا جبکہ 88 اہلکاران زخمی ہوئے۔ منشیات کی بیخ کنی کے لیے صوبہ بھر میں کی گئی کارروائیوں کی مد میں کل 7771 ایف آئی آر درج ہوکر 7751 ملوث ملزمان گرفتار کئے گئے جبکہ 5695 کلوگرام چرس، 275 کلوگرام افیون، 210 کلوگرام ہیروئن، 847 کلوگرام آئس